Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 | جمعہ 21 فروری 2025، 22 شعبان المعظم 1446 ھ۔ قیمت 10 روپے | شمارہ 302

سیوریج کا سسٹم پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کا فیصلہ

سیوریج کا موثر نظام نہ ہونے سے مسائل کا سامنا، ستھرا پنجاب پروگرام سے عوام مستفید ہونگے، مریم نواز کا فوری اقدامات اٹھانے کا حکم

ستھرا پنجاب پروگرام سے صوبے کے عوام مستفید ہوں گے، سیوریج کا موثر نظام نہ ہونے سے ہر شہر میں مسائل کا سامنا ہے، مریم نواز

لاہور (انٹرنیوز) حکومت پنجاب نے تمام بڑے شہروں میں سیوریج وٹکاسی آب کا نیا سسٹم لانے کیلئے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام نافذ کرنے کا فیصلہ کرلیا جبکہ وزیراعلیٰ مریم نواز نے کہا ہے کہ ستھرا پنجاب پروگرام سے صوبے کے عوام مستفید ہوں گے، سیوریج کا موثر نظام نہ ہونے سے ہر شہر میں مسائل کا سامنا ہے، سیوریج کا دیرپا اور محفوظ سسٹم بنانے سے سڑکیں ٹوٹ پھوٹ سے محفوظ رہیں گی۔ جمعرات کو وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیرصدارت خصوصی اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں پنجاب میں جاری منصوبوں کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں ڈبلیو اے ٹی ایس این کے تحت جاری پراجیکٹس پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے سیوریج اور ڈرینج سسٹم کے میگا پلان کی منظوری دیتے ہوئے ایک لاکھ سے زائد آبادی والے 189 شہروں (بقیہ نمبر 9)

گرفتار 120 سے زائد پی ٹی آئی ورکرز کی ضمانتیں منظور

قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف نے ضمانتیں منظور کیں، پولیس سٹیشن میں بیان حلفی جمع کرانے کا حکم

قائم مقام چیف جسٹس نے ہدایت کی کہ بیان حلفی دیں کہ آئندہ ایسا جرم نہیں کریں گے، شورٹی جمع کرانیکا حکم

اسلام آباد (آئی آئی پی) 26 نومبر احتجاج کے الزام میں گرفتار 120 سے زائد پی ٹی آئی ورکرز کی ضمانتیں منظور ہوگئیں، اسلام آباد ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی ورکرز کو رہا کرنے کا حکم دیدیا۔ قائم مقام چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس محمد آصف نے ضمانتیں (بقیہ نمبر 21)

ہماری مدد کریں امریکہ سے محصور تارکین وطن کی دنیا سے اپیل

پاناما سٹی 'ہماری مدد کریں' امریکا سے بیدخل پاکستانیوں سمیت 300 محصور تارکین وطن کی دنیا سے اپیل

تارکین وطن کو امریکا اور پاناما کے درمیان موجود ہجرت کے معاہدے کے تحت طبی امداد اور خوراک فراہم کی جارہی ہے

پاناما سٹی (آئی آئی پی) امریکا سے بیدخل کیے گئے پاکستانیوں سمیت 300 محصور افراد نے دنیا سے مدد کی اپیل کردی۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق امریکا کی جانب سے ملک بدر کیے گئے 300 پاکستانیوں سمیت دیگر افراد کو پاناما کے ایک ہوٹل میں رکھا (بقیہ نمبر 28)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف الیکٹرک بس میں سفر کررہی ہیں

لیفٹیننٹ جنرل شیخ عبدالعزیز سعود مبارک الخلیفہ کی جوائنٹ سٹاف جنرل ساحر شمشاد مرزا سے ملاقات

وزیرخزانہ ارٹیفیشل انٹیلی جنس کی مدد سے ٹیکس بڑھانے کا اعلان

وزیراعظم اور ٹیم معاشی استحکام کیلئے پرعزم، رائٹ سائزنگ کیلئے مکمل پلان تیار، اداروں کے تمام معاملات کو دیکھ کر ہی رائٹ سائزنگ کی جائیگی

ہمیں اپنے معاشی اہداف کا مکمل ادراک ہے، حکومتی اخراجات میں کمی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب

اسلام آباد (آئی آئی پی) وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا ہے کہ ملک بے جا مراعات کا متحمل نہیں ہوسکتا، رائٹ سائزنگ کا مکمل پلان تیار کرلیا ہے۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ آرٹیفیشل انٹیلی جنس کو استعمال کرکے ٹیکس بڑھائیں گے۔ وزیرخزانہ محمد اورنگزیب کا ریٹیلرز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ ملک کی معیشت درست سمت میں جارہی ہے، پالیسی ریٹ میں کمی سے کاروباری برادری اور سرمایہ کاروں کو فائدہ ہورہا ہے جبکہ حکومت معیشت کے تمام شعبوں میں بنیادی اصلاحات کر رہی ہے، اصلاحات سے ٹیکس وصولیوں میں اضافہ ہوا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعظم اور ان کی ٹیم معاشی استحکام کیلئے پرعزم ہے، رائٹ سائزنگ کے لئے مکمل پلان تیار کیا ہے، اداروں کے تمام معاملات کو دیکھ کر ہی رائٹ (بقیہ نمبر 8)

محسن نقوی قطری سفیر کی ملاقات باہمی تعاون بڑھانے پر اتفاق

قطر میں قید پاکستانی شہریوں کی رہائی بارے بات چیت، انسداد منشیات کیلئے باہمی اشتراک کار بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا

قطر سے انتہائی قریبی تعلقات ہیں، جلد دورہ کر کے ہم منصب سے ملاقات کروں گا، وزارت داخلہ محسن نقوی

اسلام آباد (انٹرنیوز) پاکستان اور قطر نے انسداد منشیات بارے باہمی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا ہے۔ جمعرات کو وزیرداخلہ محسن نقوی سے قطر کے سفیر علی مبارک علی عیسیٰ الخطیر نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، دو طرفہ تعلقات اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں قطر میں قید پاکستانی شہریوں کی رہائی بارے بھی بات چیت ہوئی جبکہ انسداد منشیات (بقیہ نمبر 14)

صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب اعجاز انور چوہان صوبائی ووٹر ایجوکیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

حکومت پنجاب کا 17 کنزیومر کورٹس ختم کرنے کا فیصلہ

سمری میں تجویز دی گئی ہے کہ لاہور ہائیکورٹ کی مشاورت سے ایک یا زائد اضلاع میں ڈسٹرکٹ جج تعینات کئے جائیں گے

گزشتہ مالی سال میں صرف 1864 کیس زیر سماعت آئے جن کیلئے 15 کروڑ 20 لاکھ روپے کا بجٹ مختص کرنا پڑا

لاہور (آئی آئی پی) حکومت پنجاب نے 17 کنزیومر کورٹس ختم کرنیکا فیصلہ کرلیا، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے سمری صوبائی کابینہ کے سامنے رکھنے کی اجازت دیدی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پنجاب کنزیومر پروٹیکشن ایکٹ 2005 میں ترامیم لانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، سمری میں تجویز دی گئی ہے کہ لاہور ہائیکورٹ کی مشاورت سے ایک یا زائد اضلاع میں ڈسٹرکٹ جج تعینات کئے جائیں گے (بقیہ نمبر 24)

اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان اختر سعید میڈیکل کالج کے کاووکیشن سے خطاب کررہے ہیں

سعودیہ سمیت 5 ممالک سے مزید 16 پاکستانی ڈی پورٹ

اسلام آباد (انٹرنیوز) سعودیہ، متحدہ عرب امارات سمیت 5 ممالک نے 24 گھنٹے میں مزید 16 پاکستانی ڈی پورٹ کردیئے۔ امیگریشن حکام کے مطابق سعودیہ (بقیہ نمبر 11)

گھریلو جھگڑے پر شوہر نے بیوی پر تیزاب پھینک دیا

خاتون کا چہرے، بازو، گردن سمیت جسم کے مختلف حصے بری طرح جھلس گئے

بورے والا (آئی آئی پی) مضافاتی علاقہ ساہوکا میں گھریلو جھگڑے پر شوہر نے بیوی پر تیزاب پھینک دیا جس سے خاتون کا چہرے، بازو، گردن سمیت جسم کے مختلف حصے بری طرح جھلس گئے واقعے کی اطلاع ملنے پر ریسکیو اہلکاروں نے متاثرہ خاتون کو (بقیہ نمبر 10)

جنرل ساحر شمشاد سے چیف آف سٹاف بحرین کی ملاقات

دونوں فوجی سربراہان کا فوجی روابط، تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق

راولپنڈی (انٹرنیوز) پاکستان اور بحرین نے فوجی روابط اور تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بحرین کے چیف آف سٹاف نیشنل گارڈ لیفٹیننٹ جنرل شیخ عبدالعزیز سعود مبارک الخلیفہ نے جوائنٹ سٹاف ہیڈکوارٹر راولپنڈی میں جنرل ساحر شمشاد مرزا سے ملاقات کی جس میں علاقائی صورتحال، سلامتی سے متعلق امور پر تبادلہ (بقیہ نمبر 3)

ECP نے پنجاب میں تمام ترقیاتی سکیموں کی تفصیلات طلب کرلیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پنجاب بھر میں جاری تمام ترقیاتی سکیموں کی تفصیلات طلب کرلیں۔ صوبائی الیکشن کمشنر نے محکمہ مواصلات کو مراسلہ (بقیہ نمبر 2)

رمضان المبارک کا چاند دیکھنے کیلئے رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس 28 فروری کو پشاور میں ہوگا

اسلام آباد (آئی آئی پی) وفاقی حکومت نے ملک بھر میں ایک ساتھ رمضان المبارک کے انعقاد کیلئے کوشاں ہے، اس (بقیہ نمبر 15)

ملتان اور رحیم یار خان میں ٹریفک حادثات، 9 افراد جاں بحق، 14 زخمی

ملتان (آئی آئی پی) ملتان اور رحیم یار خان میں ہونیوالے ٹریفک حادثات میں 9 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق رحیم یار خان میں قومی شاہراہ پر بس اور ر (بقیہ نمبر 17)

نامعلوم ملزموں کے ہاتھوں قتل ہونیوالے اجنبی شخص کی شناخت ہوگئی

چیچہ وطنی (آئی آئی پی) نامعلوم ملزموں کے ہاتھوں قتل ہونیوالے اجنبی شخص کی شناخت ہوگئی، پولیس کے مطابق مقتول کی نعش دو روز قبل 105، بارہ ایل میں گوبر کے ڈھیر سے برآمد ہوئی تھی جسے آہنی ہتھیار (بقیہ نمبر 25)

ظاہر پیر کے قریب بس کی رکشہ کو ٹکر، 4 افراد جاں بحق، 7 زخمی

رحیم یار خان (آئی آئی پی) ظاہر پیر کے قریب بس کی رکشہ کو ٹکر سے 4 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق پنجاب کے ضلع رحیم یار خان کی تحصیل خانپور کے (بقیہ نمبر 26)

چیف کنزرویٹر جنگلات سنٹرل زون کی ہدایات آگ بجھانے کیلئے موک ایکسرسائز جاری ہیں

شورکوٹ کینٹ جنگلات میں آگ لگنے کے خدشات بڑھ گئے

محکمہ جنگلات جھنگ فارسٹ ڈویژن کا آگ پر قابو پانے کیلئے موک ایکسرسائز کا اہتمام

شورکوٹ (مظفر علی نمائندہ خصوصی جھنگ) شورکوٹ کینٹ کے جنگلات میں حالیہ خشک سالی کے تناظر میں جنگلات میں آگ لگنے کے خدشات بڑھ جاتے ہیں شورکوٹ کینٹ کے جنگلات میں حالیہ خشک سالی کے تناظر میں جنگلات میں آگ لگنے کے خدشات بڑھ جاتے ہیں اس ضمن میں حکومت پنجاب کے احکامات پر چیف کنزرویٹر جنگلات سنٹرل (بقیہ نمبر 18)

پیٹرولیم ڈیلرز کا پیٹرول پمپس بند کرنے کا عندیہ

پیٹرولیم ڈیلرز کا فی لیٹر مارجن 4 فیصد اضافے سے 3 1 روپے کیا جائے، چیئرمین

کراچی (این این آئی) پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز نے ڈی ریگولیشن پالیسی کو مسترد کرتے ہوئے ملک بھر میں پیٹرول پمپس بند کرنے کا اشارہ دے دیا ہے۔ چیئرمین آل پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن عبدالسمیع خان نے ویڈیو پیغام میں کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 16)

چیئرمین مہاجر قومی موومنٹ کی درخواست ضمانت پر فیصلہ محفوظ

چیئرمین مہاجر قومی موومنٹ کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا گیا ہے

کراچی (دنیا نیوز) کراچی میں انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نیاشتال انگیزی، لانڈھی اور کورنگی میں ٹرک نذر آتش کرنے کے مقدمات میں مہاجر قومی موومنٹ کے چیئرمین آفاق احمد کی درخواست ضمانت پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ اے ٹی سی کراچی میں مہاجر (بقیہ نمبر 27)

مختلف چیمبرز اور تجارتی تنظیموں کے عہدیداران لاہور چیمبر میں ٹریڈ آرگنائزیشنز ایکٹ میں متنازعہ ترمیم کیخلاف احتجاج کررہے ہیں

جنرل ساحر شمشاد سے چیف آف سٹاف بحرین کی ملاقات

دونوں فوجی سربراہان کا فوجی روابط، تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق

راولپنڈی (انٹرنیوز) پاکستان اور بحرین نے فوجی روابط اور تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بحرین کے چیف آف سٹاف نیشنل گارڈ لیفٹیننٹ جنرل شیخ عبدالعزیز سعود مبارک الخلیفہ نے جوائنٹ سٹاف ہیڈکوارٹر راولپنڈی میں جنرل ساحر شمشاد مرزا سے ملاقات کی جس میں علاقائی صورتحال، سلامتی سے متعلق امور پر تبادلہ (بقیہ نمبر 3)

ECP نے پنجاب میں تمام ترقیاتی سکیموں کی تفصیلات طلب کرلیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پنجاب بھر میں جاری تمام ترقیاتی سکیموں کی تفصیلات طلب کرلیں۔ صوبائی الیکشن کمشنر نے محکمہ مواصلات کو مراسلہ (بقیہ نمبر 2)

رمضان المبارک کا چاند دیکھنے کیلئے رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس 28 فروری کو پشاور میں ہوگا

اسلام آباد (آئی آئی پی) وفاقی حکومت نے ملک بھر میں ایک ساتھ رمضان المبارک کے انعقاد کیلئے کوشاں ہے، اس (بقیہ نمبر 15)

ملتان اور رحیم یار خان میں ٹریفک حادثات، 9 افراد جاں بحق، 14 زخمی

ملتان (آئی آئی پی) ملتان اور رحیم یار خان میں ہونیوالے ٹریفک حادثات میں 9 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق رحیم یار خان میں قومی شاہراہ پر بس اور ر (بقیہ نمبر 17)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کی ڈی ریگولیشن پر مصدق ملک کام کر رہے ہیں

خاص سیاسی ٹولے نے ملک کو ٹارگٹ کرنے کی پالیسی بنا رکھی ہے، کون کہتا ہے آئی ایم ایف پیسے نہ دے، ملک دیوالیہ ہو؟

آپ نے ملک کیخلاف کمپین شروع کی ہے، کون کہتا ہے آئی ایم ایف پیسے نہ دے ملک، دیوالیہ ہو؟ مصدق ملک

اسلام آباد (این این آئی) وزیر پیٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ ملک کے توانائی کے شعبے میں تبدیلی لا رہے ہیں، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کی ڈی ریگولیشن پر کام کر رہے ہیں اور تمام غیر ضروری ریگولیشن کو ختم کریں گے۔ او جی ڈی سی ایل میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر پیٹرولیم مصدق ملک نے کہا کہ وزیراعظم نے اداروں کی رائٹ سائزنگ کے لیے کمیٹی تشکیل دے رکھی (بقیہ نمبر 65)

پاکستان کے 30 سے زائد تعلیمی ادارے سٹی اینڈ گلڈز یو کے کی بین الاقوامی ایکریڈیشن حاصل کرنے میں کامیاب

بین الاقوامی مارکیٹ میں پاکستانی نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع کی راہ ہموار

سٹی اینڈ گلڈز یو کے نے پاکستان کے TVET اداروں کو بین الاقوامی ایکریڈیشن سے نوازا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سٹی اینڈ گلڈز یو کے، جو کہ مہارتوں کی ترقی میں عالمی سطح پر ایک معتبر ادارہ ہے، نے پاکستان میں 30 سے زائد اداروں اور جامعات کو بین الاقوامی ایکریڈیشن سے نوازا ہے۔ یہ اہم سنگ میل جی ای ایم ایس ٹرل ایسٹ اور نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن (NAVTTC) کے تعاون سے حاصل کیا گیا ہے۔ بین الاقوامی ایکریڈیشن کا مقصد پاکستان کے نوجوانوں کے لیے عالمی روزگار کے مواقع پیدا کرنا ہے، خاص طور پر جی سی سی اور یورپی ممالک میں۔ سٹی اینڈ گلڈز اپنی عالمی معیار کی تربیتی پروگراموں کے لیے مشہور ہے، جو مستقبل کی مہارتوں کو ترقی دینے میں مدد دیتے ہیں، تاکہ نوجوان خود کو بااختیار بنا سکیں، اپنی مکمل صلاحیتوں کو اجاگر کرسکیں، اور روزگار کی منڈی میں اپنی قابلیت کو منوا سکیں۔ اسلام آباد میں منعقدہ بین الاقوامی ایکریڈیشن تقریب میں چیئرپرسن NAVTTC، محترمہ گلمنہ بلال احمد نے ایکریڈیشن حاصل کرنے والے اداروں کو سرٹیفکیٹس عطا کیے۔ یہ معزز شناخت پاکستانی نوجوانوں کے لیے مختلف شعبوں میں بے شمار روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔

تحصیل چوآ سیدن شاہ کا سب سے بڑا امتحانی مرکز بے بسی کی تصویر بن کے رہ گیا

کئی ماہ گزرنے کے باوجود گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج کی دیوار تعمیر نہ ہوسکی جس کے باعث سخت سیکیورٹی کیخدشات پیدا ہوگئے

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد سے) چوآ سیدن شاہ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار بوائز بے بسی کی تصویر بن کر رہ گیا۔ کئی ماہ گزرنے کے باوجود کالج کی باؤنڈری وال تعمیر نہ ہوسکی۔ اس موقع پر کالج ایڈمنسٹریشن نے میڈیا کو تفصیلات سے آگاہ کیا کہ اتنے بڑے رقبہ کی وسیع وعریض بلڈنگ کے لیے صرف ایک چوکیدار موجود ہوتا ہے چوری کے ساتھ ساتھ کی سیکیورٹی خدشات پیدا ہوگئے ہیں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے احکامات کی روشنی شجرکاری مہم کا آغاز کیا گیا اچھے سیزنل پودے بھی لگا دیے گئے لیکن کالج کی حفاظتی دیوار نہ ہونے کے سبب مال مویشی کا کالج میں گھس آنا معمول بن گیا اور پودوں کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے کالج کی انتظامیہ اور طلباء میں خوف کی فضا پیدا ہوگء ہے کچھ ماہ قبل گورنمنٹ کالج بشارت میں بھی بہت بڑی چوری ہوء خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے کہ کالج کی باؤنڈری وال نہ ہونے کے سبب بہت سے خدشات پیدا ہو گئے بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ نے وزٹ کرکے رپورٹ فارورڈ کردی ہے لیکن تاحال کوء خاص پیش رفت نہ ہوسکی کالج انتظامیہ عوامی وسماجی حلقوں کے ساتھ ساتھ طلباء کی طرف سے بھرپور مطالبہ سامنے آیا ہے کہ ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز چکوال اور افسران بالا تحصیل چوآ سیدن شاہ میں میٹرک اور انٹرمیڈیٹ امتحانات کے لیے بننے والے امتحانی مرکز گورنمنٹ ایسوسی کالج چوآ سیدن شاہ کی باؤنڈری وال کی تعمیر ضروری بنا کر کالج کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔

امریکی قونصلیٹ کے جعلی اپوائنٹمنٹ لیٹر تیار کرنیوالا ملزم گرفتار

ملزم محمد مشتاق راجپوت کو امریکی قونصلیٹ کراچی کی شکایت پر گرفتار کیا

کراچی (آئی آئی پی) فیڈرل انویسٹیگیشن ایجنسی (ایف آئی اے) نے امریکی ویزوں کیلئے قونصلیٹ کے جعلی اپوائنٹمنٹ لیٹر تیار کرنیوالے ملزم کو کراچی سے گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے کے ترجمان کا کہنا ہے کہ ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی کے عملے نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم محمد مشتاق راجپوت کو امریکی قونصلیٹ کراچی کی (بقیہ نمبر 19)

ہائیکورٹ کے فیصلے کیخلاف ڈرائیور محمد دین کی اپیل مسترد

امریکی سپریم کورٹ کا فیصلہ ہے کہ یرغمالی ماحول بھی ہراسگی کی تعریف میں آتا ہے

اسلام آباد (آئی آئی پی) سپریم کورٹ نے ہراسگی کیس میں لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے کیخلاف محمد دین کی اپیل مسترد کردی، ہراسگی سے متعلق فیصلہ جسٹس منصور علی شاہ نے تحریر کیا۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ ورک پلیس پر ہراسگی عالمی مسئلہ ہے، لاکھوں لوگ ورک پلیس ہراسگی سے متاثر ہوتے ہیں، مردوں کے مقابلے میں خواتین زیادہ ہراسگی کا شکار ہوتی (بقیہ نمبر 20)

مریم نواز کا الیکٹرک بس میں سفر، مسافر خواتین سے گفتگو

بس میں وائی فائی اور موبائل چارجنگ کی سہولت بھی میسر ہوگی، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے الیکٹرک بس میں سفر کیا، بس میں سوار خواتین سے گفتگو بھی کی۔ مریم نواز نے کہا ان بسوں کی 24 گھنٹے کیمروں کی مدد سے مانیٹرنگ کی جائے گی تاکہ بس میں خواتین کیساتھ ہونے والے ہراسانی کے واقعات کو ختم کیا جاسکے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا مزید کہنا تھا (بقیہ نمبر 22)

پنجاب گورنمنٹ وزیراعظم شہباز شریف کے رمضان پیکیج سے متعلق وزارت آئی ٹی کو احکامات جاری

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے رمضان پیکیج سے متعلق (بقیہ نمبر 23)

چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ کا تجاوزات کیخلاف آپریشن، تعمیرات مسمار

سوا کلومیٹر طویل ایریاز پر آپریشن میں ایک سو ملازمین نے حصہ لیا



راولپنڈی (عبدالرحمان سے) چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ نے کلمہ چوک سے ڈھیری حسن آباد تک پختہ تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن کرتے ہوئے غیر قانونی تعمیرات کو مسمار کر دیا، ایگزیکٹو آفیسر چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ عامر رشید کی ہدایت پر چیف انجینئر عتیق چوہدری کی نگرانی میں شعبہ انفورسمنٹ و انسداد تجاوزات نے غیر قانونی پختہ تجاوزات کیخلاف آپریشن کرتے ہوئے تجاوزات کو ختم کر دیا۔ سوا کلومیٹر طویل ایریاز پر آپریشن میں ایک سو ملازمین نے حصہ لیا جس میں ہیوی مشینری کا استعمال کیا گیا، دکانوں اور کاروباری مراکز کے سامنے غیر قانونی تھڑے بھی ختم کر دیئے گئے۔

AWAMI HOST
A WHOLE SALE HOSTING COMPANY
Visit now: www.awamihost.top

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈپریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website Price: 6000/-
Call / Whatsapp 0309-7900035

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

انسدادِ دہشت گردی مشن

وزیراعظم شہباز شریف جب دہشت گردی کے خاتمے کو اپنا مشن قرار دیتے ہیں تو وہ اس حقیقت کی نشاندہی کرتے ہیں کہ جس دہشت گردی کو پاکستانی قوم نے اپنی بہادر فوج کے آپریشن ضرب عضب اور آپریشن ردالفساد کے ذریعے ختم کر دیا تھا، وہ خطے کے حالات، افغانستان سیدراندازی یا سابقہ حکومت کے ناعاقبت اندیشانہ فیصلے سمیت جن وجوہ سیبھی دوبارہ سر اٹھاتی نظر آ رہی ہے کوئی ایسی صورت اب برداشت نہیں کی جائے گی جس کے نتیجے میں ملکی ترقی وخوشحالی کا سفر متاثر اور معاشی لاغری کے باعث وطن عزیز سنگین صورتحال سے دوچار ہوا۔ وزیراعظم نے منگل کے روز وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نشاندہی کی کہ معاشی خوشحالی امن کی فضا میں ہی آتی ہے جبکہ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ ریاست اپنے شہریوں کی جان و مال عزت اور وقار کی ضامن ہوتی ہے۔ وزیراعظم نے مذکورہ عزم، وعدہ اور عہد جس منظرنامے میں دہرایا، اس کی ایک جھلک منگل کے روز بلوچستان کے علاقے بارکھان کے اس واقعہ میں نظر آتی ہے کہ نامعلوم مسلح افراد نے رڑکن کے قریب ناکہ لگا کر مسافر بسوں کی تلاشی لی اور شناختی کارڈ دیکھ کر سات افراد کو پہاڑ پر لے گئے جس کے بعد فائرنگ کی آوازیں آئیں، لیویز کے پہنچنے کے بعد 6 مسافروں کی لاشیں مل گئیں جبکہ ایک شخص کی تلاش جاری ہے۔ حالیہ دنوں میں روزگار کے لئے بلوچستان آئے کانکنوں کے قتل کے واقعات بھی سامنے آئے ہیں۔ خیبرپختونخوا میں سیکورٹی فورسز کے قافلوں، چوکیوں، تھانوں وغیرہ پر حملوں کی خبریں آئیں جبکہ سیکورٹی فورسز کی انٹیلیجنس بیسڈ کارروائیوں میں خوارج سے مقابلوں کی اطلاعات بھی ہیں۔ ان مقابلوں میں مختلف مقامات پر چھپے ہوئے ملک دشمن عناصر سے مقابلے کے دوران ہماری بہادر فوج کے افسر اور جوان بھی جام شہادت نوش کر رہے ہیں۔ قوم کے بیٹوں کی یہ عظیم قربانیاں گواہی دے رہی ہیں اس بات کی کہ مملکت خداداد کو نقصان پہنچانے کی تمام کوششیں رائیگاں جائیں گی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 17 فروری کی شب سیکورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع ملنے پر جنوبی وزیرستان کے علاقے سراروغہ میں کامیاب کارروائی کرتے ہوئے 30 خارجی دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس کامیابی پر فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے درست کہا کہ ہماری فورسز ہر گزرتے دن دہشت گردی کے مکمل سدباب کے ہدف کے قریب تر جا رہی ہیں۔ اس سے قبل اتوار کے روز شمالی وزیرستان میں خفیہ اطلاع پر دو آپریشن کئے گئے جن میں تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے اہم کمانڈر سمیت 15 خوارج جہنم واصل ہوئے جبکہ 21 سالہ لیفٹیننٹ حسن سمیت سیکورٹی فورسز کے چار اہلکاروں نے جام شہادت نوش کیا۔ جہاں تک پاک فوج کے جذبے کا تعلق ہے، اس کا ہر فرد اللہ کے نام پر حاصل ہونے والے وطن کے لئے اپنی جان قربان کرنے کے لئے ہر وقت تیار رہتا ہے۔ اس فوج کو کامرانی کی منزل تک پہنچنے سے کون روک سکتا ہے۔ آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کے اتوار کے روز اسلام آباد میں ملک بھر کی جامعات سے آئے طلبہ سے خطاب کے یہ الفاظ اس فوج کے ہر اہلکار اور اس کی پشت پر کھڑے قوم کے ہر فرد کے ترجمان ہیں کہ جب تک ہمارے اندر قربانی کا جذبہ زندہ اور موجزن ہے پاک فوج کو کبھی ہزیمت کا سامنا نہیں ہوگا۔ وہ وقت انشاءاللہ جلد آئے گا جب ملک دہشت گردوں سے پاک ہو کر امن کی فضا میں ترقی وخوشحالی کی اعلیٰ منازل کی طرف پیش قدمی کرتا نظر آئے گا۔ اس باب میں بہت سے اشارے دنیا کے سامنے آ رہے ہیں۔ کیا ہی اچھا ہو کہ نئی پیش قدمی میں ملک کی تمام سیاسی جماعتیں اور تمام مکاتب فکر ساتھ چلتے نظر آئیں۔

تیل کی قیمت کم!

حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کیلئے آئل سیکٹر اوپن کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ابتدائی طور پر پرائس کیپ کے ساتھ آئل سیکٹر کو ڈی ریگولیٹ کیا جا رہا ہے جسکے تحت آئل مارکیٹنگ کمپنیاں مسابقت کے ذریعے زیادہ سے زیادہ مارکیٹ شیئر حاصل کر کے سستا پٹرول اور ڈیزل بیچیں گی جس سے غریب آدمی کا فائدہ ہوگا۔ ایندھن کی لاگت کم کرنے کیلئے آئل ریفائنریز کو پیٹرولیم مصنوعات میں 5 فیصد تک ایتھنول شامل کرنے کی اجازت دینے کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم مصدق ملک نے سالانہ آئل اینڈ گیس کانفرنس میں ان اقدامات پر روشنی ڈالی۔ وفاقی وزیر کے مطابق بائیو فیول کی پالیسی بھی جلد آ رہی اور نائٹ گیس پالیسی بھی آئندہ مشترکہ مفادات کونسل کے اجلاس سے منظور ہو جائے گی۔ وفاقی وزیر نے ملک میں آف شور آئل اور گیس کی تلاش میں ہونے والی نااہلیوں کا بھی ذکر کیا۔ انکا کہنا تھا کہ گزشتہ 60 سال میں صرف 18 کنویں کھودے گئے ہیں جبکہ پڑوسی ممالک نے کامیابی کے ساتھ آف شور ذخائر دریافت کیے ہیں۔ اس صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان نے دس سال بعد 40 آف شور اور 31 آن شور بلاکس کی نیلامی کا اعلان کیا ہے جبکہ ایک بہت بڑا حصہ ابھی تک دریافت نہیں ہوا۔ بین الاقوامی سرمایہ کاروں کیلئے ان بلاکس میں سرمایہ کاری کے بہترین مواقع موجود ہیں اور حکومت انہیں تمام سہولتیں فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ نائٹ اور شیل گیس کے وسائل کی ترقی کیلئے حکومتی کوششیں قابل تحسین ہیں۔ حال ہی میں او جی ڈی سی ایل نے شیل گیس کے ذخائر کی دریافت کی ہے۔ پاکستان قابل تجدید اور متبادل توانائی کے منصوبوں میں بھی پیش رفت کر رہا ہے جن میں گرین ہائیڈروجن (آکسیجن پر مبنی) اور بلیو ہائیڈروجن (امونیا پر مبنی) پیداوار کے منصوبے شامل ہیں۔ توقع ہے کہ یہ اقدامات ملک کے پائیدار توانائی کے حل میں اہم کردار ادا کریں گے۔ تیل، گیس اور بجلی کے بڑھتے نرخوں سے پورے معاشرے کو لپیٹ میں لینے والی مہنگائی میں کمی آئے گی۔

رونا .....!

سبھی مطلبی مطلبی ہو گئے ہیں
شب و روز رہتا ہے رونا اسی کا
کسی کو نہیں فکر یارب کسی کی
کسی کو نہیں درد یارب کسی کا

انور شعور

خطہ روشن خیال ہو رہا ہے

مملکت اے مملکت
☆☆☆
محمود شام
Mahmood.shaam@janggroup.com.pk

بہت ابتلائیں ہیں بہت ایسے سانحے جبر قہر
مگر مجھے ایک اعتماد رہتا ہے کہ حالات بہتر ہو جائیں گے کیونکہ اس خطے کی سرشت میں مزاحمت ہے چیلنجوں سے نبرد ازما ہونا ہے صدیوں سے یہ مشکلات بھی رہی ہیں، بیرونی حملہ آور بھی اپنے لاولشکر سمیت آتے رہے، اندرونی جابر بھی قیامتیں ڈھاتے رہے مگر یہاں پیدا ہونے والوں نے ہمت نہ ہاری۔ ماضی میں یہ علاقے غیر ملکی حملہ آوروں کی الگ الگ مزاحمت کرتے رہے کیونکہ زیادہ تر حاکم الگ الگ ہی رہے۔ انگریز نے ان علاقوں کی برٹش انڈیا میں شمولیت کی کوششیں جاری رکھیں کہیں کامیابی ہوئی، کہیں منہ کی کھائی۔

میں ماضی حال مستقبل کو آپس میں ملا کر جائزہ لیتا ہوں سارے ادوار ایک دوسرے کو آباد بھی کرتے ہیں اور اجاڑتے بھی ہیں ایک دور میں بوئی ہوئی فصلیں چاہے محبت کی ہوں یا نفرت کی وہ آنے والوں کو کاٹنا پڑتی ہیں دکھ سکھ سانجھے ہوتے ہیں۔ قائداعظم کی قیادت میں ہم نے اس خطے کے علاقوں کو ایک لڑی میں پرو دیا تاہم ہماری بدقسمتی کہ سنہرا بنگال ہماری بے بصیرتی برداشت نہ کر سکا اور اس نے اپنے لیے ایک الگ راستہ چن لیا، وہ لوگ ہم سے زیادہ مسلمان تھے، ہم سے زیادہ جمہوری، ہم سے زیادہ پڑھے لکھے۔ وہاں بڑی بڑی جاگیر داریاں، چوہدراہٹیں، سرداریاں نہیں تھیں۔ زمین کم تھی آبادی زیادہ چنانچہ پیٹ بھرنے کیلئے انہیں زیادہ محنت کرنا پڑتی تھی۔ ان کی ہماری شیرازہ بندی سے علیحدگی ہمارے لیے زیادہ نقصان دہ ثابت ہوئی، مذہبی یگانگت بھی کم ہوئی، جمہوریت سے عشق بھی۔

اب میں بات کروں گا تو صرف مغربی پاکستان کی کہ دولخت ہونے کے بعد پاکستان اب اتنا ہی رہ گیا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ خطہ اپنی زرخیزی معدنیات، بلیوا کانومی اور افرادی قوت کے حوالے سے بے مثال وحدت ہے جتنی قومیتیں یہاں بستی ہیں وہ اپنی محنت، ندرت، تخلیقی اہلیت کے لحاظ سے دنیا میں قدیم ترین تہذیبیں مانی جاتی ہیں۔ ارضی نعمتوں کے ساتھ ساتھ اس علاقے کو صوفیائے کرام کی ہستیاں بھی عطا کی گئیں جو ایک طرف اللہ سے لو لگانے میں پیش پیش تو دوسری جانب عبد اور معبود کے درمیان رکاوٹیں ہٹانے میں آگے آگے رہیں، دوسرے مذاہب میں بھی درویش، سادھو سامنے آئے۔ اس قسم کی روایتیں موجود ہیں جن سے گلی کوچوں تک میں دانش کی پرورش ہوتی تھی۔ تاریخ کے اوراق، صوفیا کرام کی شاعری، اولیاءاللہ کے ملفوظات گواہی دیتے ہیں کہ سب نے خلق خدا کی بہتری کیلئے جدوجہد کی، سب کا بنیادی فلسفہ یہ تھا کہ انسان آزاد پیدا ہوا ہے، اپنے فیصلے کرنے کا اختیار اسی کو ہے، اپنے علاقے کا مالک بھی وہی ہے۔ کوئی زمانہ ہو آریہ، دراوڑ، اشوکا بدھ مت، مغل، افغان، انگریز مزاحمت کی ایک طویل روایت ہے۔ جدید دور میں تو لاٹھیاں ہیں، آنسو گیس، عقوبت خانے، بے لباسی آڈیوز، ویڈیوز ہیں۔ پہلے بادشاہ اپنے لشکر بھیجتے تھے مقامی گورنروں کے ذریعے غلامی قبول نہ کرنے والوں کو اٹھا لیا جاتا یا قتل کر دیا جاتا تھا۔ ملتان کے عقیدت مند شاہ عنایت شہید کو کبھی نہیں بھولتے۔

آج جس طرح یوٹیوب چینلز سوشل میڈیا پر سرگرم ہیں، بے خوفی ہے، نظام کہنہ سے بیزاری ہے، اچھے دنوں کے لیے بے تابی ہے، اس ماحول میں جاگیرداری دم توڑ رہی ہے، شخصی حکومتیں ختم ہو رہی ہیں راستے بڑے ہو رہے ہیں، شاہراہیں زیادہ وسیع ہو رہی ہیں، موٹروے انٹرسیکشن اور بہت کچھ فاصلے کم کر رہا ہے، انسانوں میں قربتیں بڑھ رہی ہیں پہلے صوفیا کا کلام، جنگ نامے، قصے کہانیاں انسانوں کو آپس میں ملاتے تھے ایک سوچ کو جنم دیتے تھے، اب یہی کام یہ جدید ترین مواصلاتی آلات کر رہے ہیں پھر سمندر پار پاکستانی جو ترقی یافتہ ملکوں میں زندگی بسر کرتے ہوئے زیادہ ذہین ہو گئے ہیں ان کو زندگی گزارنے کے نئے جمہوری طریقے بھی آ گئے ہیں، انہیں انسان دوست ملکوں میں ماحول سازگار مل رہا ہے، انفراسٹرکچر موزوں میسر ہے، وہ بھی اپنے آبائی خطے کو زیادہ خوشحال اور زیادہ کامیاب دیکھنے کے لیے دامے درمے قدمے سخنے مدد کر رہے ہیں، ان تمام جہات اور کوششوں سے نظام کہنہ پر لرزہ طاری ہے کوششیں کی جا رہی ہیں کہ لیپا پوتی کر کے لوگوں کو کشتے کھلا کر، انجیکشن لگا کر چلنے پھرنے کے قابل بنایا جا رہا ہے، اس جوڑ توڑ کے خلاف بلند ہونے والی آوازوں کو دبایا جاتا ہے اور ان سارے حکمران طبقوں کو، درباری قوتوں کو خطرہ یہ ہے کہ فرد طاقتور نہ ہو جائے، خلق خدا راج نہ کرنے لگے۔ اقبال نے پہلے ہی خبردار کیا تھا

عروج آدم خاکی سے انجم سہمے جاتے ہیں
کہ یہ ٹوٹا ہوا تارا مہ کامل نہ بن جائے

تاریخ مطمئن ہے کہ عوامی دانش کا قافلہ آگے بڑھ رہا ہے۔ صوفیا کا کلام پہلے سے ہی عوام کو ایک سمت مہیا کرتا تھا پھر کتابیں اخبار ان کی تربیت کرتے تھے۔ اقبال، جالب، فیض، شیخ ایاز، جوش، گل خان نصیر، استاد دامن ان کے ذہنوں کو صیقل کرتے تھے۔ سوشل میڈیا نے پھر اپنے جلوے دکھائے۔ غور کیجیے کہ ویسے تو یہ ضلعی لٹریری فیسٹیول، کرکٹ ٹورنامنٹ، کتاب میلے، فیشن شوز، میلہ مویشیاں لوگوں کی حکومت کے جبر سے توجہ ہٹانے کے لیے منعقد کیے جاتے تھے لیکن یہ سب اس خطے کے افراد میں مزید سیاسی اور سماجی شعور پیدا کر رہے ہیں، محرومیاں طاقت بن رہی ہیں، اشتہارات سطحی ترقی بتاتے ہیں لیکن تحقیق گہرائی میں لے جاتی ہے۔ مصنوعی ذہانت کا غلغلہ ہے مگر وہ فطرت کے اصولوں کو روندنے میں کامیاب نہیں ہو سکی۔

اب میرے سامنے صدیوں کا تمدن ہے، بادشاہوں کی، جاگیرداروں کی، مزاحمت کرتا صوفیا کا کلام ہے، حکمرانوں کی ناانصافیاں ہیں، عالمگیریت سے پھیلتا شعور ہے، سوشل میڈیا کا حلقہ اثر ہے، ادبی تہواروں سے ولولہ پاتا ادراک ہے، عام لوگوں کے ذہن زیادہ منور ہو رہے ہیں، ماحول زیادہ روشن خیال ہو رہا ہے، اک ذرا صبر کہ بیداد کے دن تھوڑے ہیں۔

☆☆☆

پنجاب حکومت کا ایک سال؟

ترازو
محمد بلال غوری
bilal.ghauri@dunya.com.pk

مریم نواز نے 26 فروری 2024 کو بطور وزیراعلیٰ پنجاب حلف لیا یعنی ان کی حکمرانی کا ایک سالہ دور مکمل ہونے کو ہے اور پنجاب حکومت کی کارکردگی سے متعلق یہ میرا پہلا کالم ہے۔ مریم نواز شریف سے پہلے دو خواتین اس دھرتی پر راج کر چکی ہیں۔ دریائے جہلم کے کنارے فاتح عالم سکندر یونانی کو ناکوں چنے چبوانے والے راجہ پورس کی موت کے بعد ان کی بیٹی منگلا رانی نے تاج وتخت سنبھالا۔ منگلا ڈیم کے قرب و جوار کا علاقہ اسی خاتون حکمران منگلا رانی سے معنون ہے اور پھر مہاراجہ رنجیت سنگھ کی بیوی مہارانی جند کور کا دور تو گویا کل کی بات ہے 1843 میں بظاہر تو کم سن دلیپ سنگھ کو سنگھاسن پر بٹھایا گیا مگر عملاً ریاست کی باگ ڈور مہارانی جند کور کے ہاتھوں میں رہی۔ مہارانی جند کور نے محلاتی سازشوں ہی نہیں انگریزوں کی ریشہ دوانیوں کا بھی بھرپور مقابلہ کیا مگر جب باغباں برق وشرر سے ملے ہوئے ہوں تو گلستاں کو تباہی وبربادی سے بچانا دشوار ہو جاتا ہے۔

ہمارے ہاں سیاست میں بہت سے کارڈ استعمال ہوتے ہیں، مثال کے طور پر مذہب کارڈ، عورت کارڈ، علاقائیت اور صوبائیت کا کارڈ مگر مریم نواز شریف نے صحت کارڈ، ہمت کارڈ، کسان کارڈ، مینارٹی کارڈ، لائیو اسٹاک کارڈ اور کاروبار کارڈ سمیت اتنے کارڈ جاری کر دیئے ہیں کہ ان کا شمار دشوار ہو گیا ہے۔ سب سے احسن اقدام یہ ہے کہ پنجاب حکومت کے اسکلڈ ڈویلپمنٹ فنڈ کے ذریعے خواجہ سراؤں کو شیف اور ہوٹل مینجمنٹ کے کورس کروائے جا رہے ہیں۔ نہ صرف مفت ٹریننگ دی جا رہی ہے بلکہ 8 ہزار روپے ماہانہ اعزازیہ بھی دیا جا رہا ہے تاکہ وہ یہ ہنر سیکھ کر معاشرے میں باعزت طریقے سے روزگار کما سکیں۔ 25 خواجہ سراؤں پر مشتمل پہلی کلاس جاری ہے جبکہ اگلے سیشن کیلئے ابھی سے رجسٹریشن ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ گھروں کی تعمیر اور کاروبار شروع کرنے کیلئے آسان شرائط پر قرضہ فراہم کرنے کی اسکیم بہت اچھی ہے بشرطیکہ یہ منصوبے روایتی سرخ فیتے کا شکار نہ ہوں، درخواستیں دینے کا طریقہ کار آسان ہو اور سفارش کے بجائے میرٹ پر لوگوں کو منتخب کیا جائے۔ وفاقی حکومت بینظیر انکم اسپورٹ کے نام پر سالانہ 455 ارب روپے ضائع کر رہی ہے، اگر یہ رقم بھی لوگوں کو روزگار مہیا کرنے پر خرچ کی جائے تو معاشرے میں واقعی انقلاب لایا جا سکتا ہے۔ اگر یہ 455 ارب روپے بلا سود قرض کی صورت میں فراہم کیے جائیں اور دس لاکھ روپے ایک درخواست گزار کر لیں تو ایک سال میں ساڑھے چار لاکھ افراد کاروبار شروع کر سکتے ہیں اور ہر فرد کے ہاں دو لوگوں کو ملازمت ملے تو مزید 9 لاکھ بے روزگاروں کو نوکریاں مل سکتی ہیں لیکن ہمارے حکمران بضد ہیں کہ جیسے حکومتیں سکولوں لیکر امداد لیتی پھرتی ہیں ویسے ہی عوام کو بھی بھکاری بنا کر رکھنا ہے۔ بات کہاں سے کہاں نکل گئی۔ پنجاب میں وزیراعلیٰ مریم نواز نے بہت سے سخت اور غیر مقبول فیصلے کیے ہیں جن سے یقیناً ان کی مقبولیت بھی کم ہوگی اور ووٹ بینک بھی متاثر ہوگا۔ مثال کے طور پر تجاوزات کے خلاف آپریشن بہت ضروری تھا۔ ہر حکومت اس خوف سے پیچھے ہٹ جاتی رہی کہ لوگ ناراض ہوں گے مگر مریم نواز شریف نے نتائج کی پروا کیے بغیر یہ مہم جاری رکھی ہوئی ہے۔ ہمارے ہاں ہر خرابی اور برائی کو غربت کا گڑھا کھود کر دفن کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ مثلاً موٹر سائیکل سواروں کو ہیلمٹ پہننے کا پابند کرنے کی کوشش کی جائے تو کہا جاتا ہے عام آدمی پیسے کہاں سے لائے۔ مگر کوئی یہ نہیں سوچتا کہ عام آدمی موٹر سائیکل خرید سکتا ہے تو ہیلمٹ کیوں نہیں لے سکتا۔ تجاوزات کے خلاف آپریشن پر بھی یہ دہائی دی گئی کہ بیچارے چھابڑی فروش کدھر جائیں؟ سبحان اللہ، کل اگر قانون نافذ کرنے والے ادارے چوروں اور ڈاکوؤں کے خلاف کارروائی کریں تو تب بھی یہی استدلال اختیار کیا جائے گا کہ پولیس بہت ظالم ہے بیچارے چور اور ڈاکو کپڑے لیے اب ان کے بچے کہاں سے کھائیں گے۔ خوش آئند بات یہ ہے کہ پنجاب حکومت پھل اور دیگر اشیا بیچنے والوں کو نہ صرف خوبصورت کارٹ فراہم کر رہی ہے بلکہ مخصوص جگہوں پر باقاعدہ مارکیٹ بنا کر دے رہی ہے۔ ہاں البتہ تجاوزات کے حوالے سے مہم کا المیہ بھی یہی ہے کہ پانی نشیب کی طرف جاتا دکھائی دیتا ہے۔ جس طرح ماضی میں بااثر شخصیات کے گھروں کو ریگولرائز کر دیا جاتا تھا اور عام آدمی کا کچا گھر گرا دیا جاتا تھا، اب بھی اسی طرح کی شکایات سامنے آ رہی ہیں۔ چھوٹے بازاروں میں تو صفایا کر دیا گیا ہے مگر اکبری منڈی، شاہ عالم مارکیٹ، ہال روڈ جیسے بڑے بازاروں میں قبضہ مافیا کا تسلط ختم نہیں ہوا۔ ایوان عدل کے باہر آدھی سڑک کو پارکنگ کیلئے استعمال کیا جاتا ہے، مگر وہاں قانون کا بس نہیں چلتا۔ اب ایک اور مہم شروع کر دی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر عظمیٰ بخاری صاحب چادر لیکر تھیٹرز میں چھاپے مار رہی ہیں، فنکاروں کو ہراساں کیا جا رہا ہے، یہ وہ طبقہ ہے جو اپنے گھر کا چولہا جلانے کیلئے بادل نخواستہ اس دلدل میں اترتا ہے۔ حکومت کو ان لاچار و بے بس فنکاروں کے ہاں غربت کا ننگا ناچ دکھائی نہیں دیتا بس فحاشی نظر آتی ہے اور طرفہ تماشا یہ کہ لاہور کے پوش علاقوں میں بڑی بڑی کوٹھیوں میں عیش وطرب کی محفلوں میں لڑکیوں کا ناچ گانا رقص کہلاتا ہے مگر کسی تھیٹر میں عام تماش بینوں کے سامنے پرفارم کرنا مجرا بن جاتا ہے۔ کسی پنج تارہ ہوٹل یا بڑے کلب میں بیٹھ کر شراب پینا جرم نہیں مگر کسی عام آدمی سے ایک آدھ بوتل برآمد ہو جائے تو غل مچ جاتا ہے۔

مریم نواز صاحبہ! نمائشی اور سطحی نوعیت کے اقدامات سب کرتے رہے ہیں ان سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ لوگوں کے بنیادی مسائل حل کرنے کی کوشش کریں۔ اور ہاں سب سے اہم بات۔ اگر آپ کا خیال ہے کہ ترقیاتی کاموں اور گڈ گورننس کے ذریعے لوگوں کے دلوں میں گھر کیا جا سکتا ہے تو شاید آپ کی سوچ کی سمت درست نہیں۔ اس قوم کو بیانئے کی لت لگ چکی ہے۔ صرف تبدیلی لانا کافی نہیں، باور کروانا بھی ضروری ہے۔

☆☆☆

تحریک پاکستان اور کرکٹ

قلم کمان
☆☆☆
حامد میر
SMS: #HMC (space) message & send to 8001
hamid.mir@janggroup.com.pk

زیادہ پرانی بات نہیں 1996 میں پاکستان، بھارت اور سری لنکا نے مل کر جنوبی ایشیا میں کرکٹ کا ورلڈ کپ منعقد کرایا تھا۔ آج بھارت کی کرکٹ ٹیم پاکستان آ کر کھیلنے کیلئے تیار نہیں اور چیمپئنز ٹرافی کے تمام میچ دبئی میں کھیل رہی ہے۔ ایک طرف بھارت کے کرکٹرز پاکستان آنے کیلئے تیار نہیں لیکن دوسری طرف بھارت کے بہت سے سپورٹس جرنلسٹ چیمپئنز ٹرافی کے نام پر ویزے حاصل کر کے پاکستان پہنچ چکے ہیں۔ بھارت کے ایک بڑے اخبار کے ایڈیٹر نے مجھے پیغام بھیجا کہ ان کا سپورٹس رپورٹر پاکستان آ رہا ہے اور میں اس کا بابر اعظم کے ساتھ انٹرویو فکس کرا دوں۔ میں نے محترم ایڈیٹر صاحب سے پوچھا کہ آپ کی کرکٹ ٹیم تو یہاں آنے کیلئے تیار نہیں تو آپ نے اپنا رپورٹر کیوں بھیج دیا؟ کہنے لگے بھیا جی! ان باتوں کو چھوڑو پاکستان ایک بہت بڑی پراڈکٹ ہے یہ پراڈکٹ ہمارے انڈیا کی پالیٹکس اور فلم انڈسٹری سے لیکر کرکٹ تک ہر جگہ بہت بکتی ہے۔ آج کل انڈیا میں یہ بحث ہو رہی ہے کہ ہم نے تو پاکستان میں جا کر کھیلنے سے انکار کیا، پی ایس ایل میں انڈین کرکٹرز کو کھیلنے سے روکا لیکن اس کے باوجود پاکستان میں انٹرنیشنل کرکٹ ختم نہ ہو سکی اور آج وہاں چیمپئنز ٹرافی ہو رہی ہے۔ ایڈیٹر صاحب نے کہا کہ ہم نے اپنا رپورٹر اس لئے بھیجا ہے کہ وہ ایک فیچر سٹوری تیار کرے کہ پاکستان میں کرکٹ کی کامیابی کی اصل کہانی کیا ہے؟ چیمپئنز ٹرافی کی کوریج کیلئے بھارت سے آنے والے سپورٹس بلٹس اپنی کہانیوں میں پتہ نہیں کیا لکھیں گے لیکن اگر آپ نے پاکستان اور بھارت میں فرق سمجھنا ہے تو دونوں ممالک کے کرکٹ سسٹم کو سمجھیں آپ کو آسانی سے فرق سمجھ آ جائے گا۔ پاکستان اور بھارت میں عوام کی اکثریت کو اس کھیل سے جنون کی حد تک لگاؤ ہے۔ اس جنون کی جڑیں تقسیم ہند سے قبل شروع ہونیوالے ایک ٹورنامنٹ میں ملتی ہیں۔ یہ ٹورنامنٹ بمبے (ممبئی) کراچی، مدارس (چنائی) اور کلکتہ (کولکتہ) میں کھیلا جاتا تھا۔ اس ٹورنامنٹ میں ہندو، مسلمان، پارسی اور یورپی باشندوں کی چار ٹیمیں شامل ہوتی تھیں۔ بعد میں کرسچنز، سکھوں اور یہودیوں کی ایک مشترکہ ٹیم 1937 میں سامنے آئی اور ٹورنامنٹ میں پانچ ٹیمیں ہو گئیں۔ ٹورنامنٹ کا نام پیمے پنٹینگولر تھا اور اس میں جب بھی مسلمانوں کی ٹیم فتح حاصل کرتی تو قائداعظم کی طرف سے مبارکباد کا پیغام ضرور جاری کیا جاتا۔ جب مہاتما گاندھی کو احساس ہوا کہ پیمے پنٹینگولر کی وجہ سے آل انڈیا مسلم لیگ کا دوقومی نظریہ اہمیت اختیار کر رہا ہے تو انہوں نے اس ٹورنامنٹ کے انعقاد کی مخالفت شروع کر دی۔ 1934 اور 1935 میں مسلمانوں کی ٹیم نے ہندو ٹیم سے یہ ٹورنامنٹ جیت لیا تو ایک طوفان آ گیا۔ اس جیت میں وزیر علی کا اہم کردار تھا دوسری طرف کے نمایاں کھلاڑی سی کے نائیڈو تھے۔ 1940 میں کانگریس نے ہندو کھلاڑیوں کو مسلمانوں کے ساتھ کھیلنے سے روک دیا اور ہندو ٹیم نے پیمے پنٹینگولر میں شرکت ہی نہیں کی لیکن ٹورنامنٹ ہوا اور مسلمان ٹیم نے ٹورنامنٹ جیت لیا۔ کچھ عرصے بعد ہندو ٹیم واپس آ گئی اور 1944 میں مسلمانوں سے فائنل ہار گئی۔ یہ وہ زمانہ تھا جب کرکٹ عوامی کھیل نہیں تھا لیکن اس کھیل کی اپنی ایک اہمیت تھی۔ 2013 میں پاکستان کے سابق فارن سیکرٹری اور پی سی بی کے سابق سربراہ شہریار خان نے CRICKET CAULDRON کے نام سے ایک کتاب لکھی جس کا دیباچہ عمران خان نے تحریر کیا تھا۔ اس کتاب میں شہریار خان نے پہلی دفعہ تحریک پاکستان میں کرکٹ کے کردار کو بیان کیا۔ 1947 میں پاکستان اور بھارت قائم ہونے کے بعد 1952 میں پہلی دفعہ پاک بھارت کرکٹ سیریز ہوئی یہ سیریز 1948 کی پاک بھارت جنگ کے چار سال بعد شروع ہوئی اور پاکستانی ٹیم بھارت کے دورے پر گئی۔ 1955 میں بھارتی ٹیم پاکستان آئی تو دس ہزار سے زائد بھارتی شائقین ویزے لیکر میچ دیکھنے پاکستان آئے۔ اس وقت لاہور میں کوئی بڑا اسٹیڈیم نہیں تھا لہٰذا لاہور میں باغ جناح گراؤنڈ پر ٹیسٹ میچ ہوتا تھا۔ قذافی اسٹیڈیم بہت بعد میں بنایا گیا۔ بہت کم لوگ جانتے ہیں کہ پاکستان اور بھارت کی کرکٹ کے درمیان طویل ترین ڈیڈ لاک 1961 سے 1978 کے درمیان تھا۔ 17 سال تک دونوں ممالک نے آپس میں کرکٹ نہیں کھیلی۔ 1978 میں جنرل ضیاالحق کی درخواست پر مرارجی ڈیسائی کی حکومت نے بھارتی کرکٹ ٹیم پاکستان بھیجی تو کرکٹ میچوں کے دوران بھٹو کو رہا کرو کے نعرے لگ گئے۔ لاہور کے ایک میچ میں بیگم نصرت بھٹو صاحبہ اپنے خاوند کی رہائی کیلئے نعرے لگاتے ہوئے پولیس کی لاٹھی چارج کا نشانہ بن گئیں۔ جنرل ضیا نے کرکٹ کو سیاست سے توجہ ہٹانے کیلئے استعمال کیا اور پیپلز پارٹی نے کرکٹ میچوں کو بھٹو کی رہائی کیلئے آواز اٹھانے کا ذریعہ بنایا۔ پاکستان اور بھارت میں طویل عرصے کے بعد شروع ہونیوالے کرکٹ میچوں کیباوجود حالات بہتر نہ ہوئے اور 1984 میں بھارت نے خاموشی سے سیاچن کی چوٹیوں پر قبضہ کر لیا۔ پھر 1996 کے ورلڈ کپ میں پاکستان اور بھارت دوبارہ ساتھ ساتھ تھے لیکن 1999 میں کارگل ہو گیا۔ مشرف دور میں کرکٹ کو دونوں ممالک کے تعلقات بہتر بنانے کیلئے استعمال کیا گیا لیکن کشمیریوں کو اعتماد میں نہ لینے کے باعث کوئی بریک تھرو نہ ہوا اور کرکٹ ڈپلومیسی کا ردعمل 2008 کے ممبئی حملوں کی صورت میں سامنے آیا۔ ان حملوں کا جواب 2009 میں لاہور میں سری لنکا کی ٹیم پر حملہ تھا جس کو جواز بنا کر بھارت نے پاکستان میں کرکٹ کا بائیکاٹ کر دیا۔ اس بائیکاٹ نے پاکستان کو مشکلات سے تو دوچار کیا لیکن آخر کار 29 سال کے بعد دوبارہ پاکستان میں چیمپئنز ٹرافی کا انعقاد بھارت کی بہت بڑی شکست ہے۔ بھارت انٹرنیشنل کرکٹ کا مضبوط ترین کردار ہے۔ بھارت میں کرکٹ کا ایک مضبوط اور مربوط نظام ہے۔ علاقائی ایسوسی ایشنز سکول اور کالج سے لیکر یونیورسٹی کی سطح تک ٹورنامنٹس کا اہتمام کرتی ہیں۔ کلب کرکٹ کا ایک ٹھوس نظام ہے لیکن پاکستان میں کرکٹ کا کوئی ٹھوس نظام موجود نہیں۔ حکومت بدلتی ہے تو پاکستان کرکٹ بورڈ میں سب کچھ بدل جاتا ہے۔ آج پاکستان کی کرکٹ اگر زندہ ہے تو ان جنونی کھلاڑیوں کی وجہ سے زندہ ہے جو سفارش اور اقربا پروری کی رکاوٹوں کو عبور کرتے ہوئے گرتے پڑتے اور لڑتے رہتے ہیں۔ ان کی محنت اور قربانیوں کو بڑے لوگ بڑی بڑی جگہوں پر فروخت کر دیتے ہیں۔ پاکستانی کرکٹ کی کہانی دراصل پاکستان کے اس سسٹم کی کہانی ہے جس میں بابر اعظم کو اس کا اپنا شہر لاہور اپنی ٹیم سے نہیں کھلاتا، وہ اسلام آباد سے آ کر کھیلتا ہے اور جب بابر اعظم ہیرو بن جاتا ہے تو سارا کریڈٹ لاہور لے لیتا ہے۔

☆☆☆

صدر ٹرمپ پہلے تولیں پھر بولیں

انسانوں کے نام
☆☆☆
افضال ریحان
SMS: #ARA (space) message & send to 8001

پوٹن ایک قاتل ہیں تو کیا ہوا، بہت سے لوگ قاتل ہیں، ہمارے ملک میں بھی بہت سے قاتل ہیں، امریکا خود کون سا معصوم ہے جی ہاں یہ الفاظ کسی اور کے نہیں نومنتخب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ہیں جو ان

بقیہ نمبر 1

نہیں ہیں، مفاد عامہ کے بغیر ججز کو ایک ہائیکورٹ سے دوسری ہائیکورٹ ٹرانسفر نہیں کیا جا سکتا۔ دائر درخواست میں تبادلے والے 3 ججز کو کام سے روکنے کی استدعا کی گئی اور کہا گیا کہ جسٹس سرفراز ڈوگر کو بھی قائم مقام چیف جسٹس کے طور پر کام سے روکا جائے۔ قبل ازیں ججز سنیارٹی کے معاملے پر عدالت عالیہ کے 5 ججز نے سینئر وکلا منیر اے ملک اور بیرسٹر صلاح الدین کی خدمات حاصل کی تھیں۔ واضح رہے کہ سابق چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ عامر فاروق نے 5 ججز کی سنیارٹی ریپریزنٹیشن مسترد کر دی تھی، جسٹس سرفراز ڈوگر کو سنیارٹی میں سینئر پیونی جج تعینات کرنے کیخلاف 5 ججز نے ریپریزنٹیشن فائل کی تھی۔

بقیہ نمبر 2

جاری کر دیا، جس میں صوبہ بھر میں سول ورکس کے حوالے سے پراگریس رپورٹس طلب کی گئی ہیں۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن کی سول ترقیاتی سکیم کے حوالے سے رپورٹ ارسال کریں، 2 دسمبر 2024 سے 31 جنوری 2025 کی تفصیلات جمع کروائی جائیں۔

بقیہ نمبر 3

خیال ہوا۔ دونوں سربراہان نے فوجی رابطوں اور تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملاقات میں چیف آف سٹاف بحرین نیشنل گارڈ نے مسلح افواج کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا اور دہشت گردی کیخلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیوں کا اعتراف کیا۔

بقیہ نمبر 4

پریس کانفرنس کرتے ہوئے عظمی بخاری نے کہا کہ فروری کا مہینہ ملکی تاریخ میں اہمیت کا حامل ہے، 8 فروری کے الیکشن کے وقت قوم ڈیفالٹ کے دہانے پر تھی، مریم نواز نے 26 فروری کو وزیراعلیٰ پنجاب کے عہدے کا حلف لیا، کامیابیوں کے جھنڈے گاڑے۔ انہوں نے کہا کارکردگی اور خدمت ن لیگ کا طرہ امتیاز ہے۔ اگلا سال اس سے بھی بہترین ہوگا۔ عظمی بخاری نے کہا کہ عوام کو گالی گلوچ اور وفاق پر حملہ کرنا پسند نہیں۔

بقیہ نمبر 5

حسین لعیمی نے جاری بیان میں بتایا ہے کہ رواں سال صدقہ فطر وفدیہ صوم کم از کم 220 روپے فی کس ادا کیا جائے، یہ نصاب گندم کے حساب سے ہے، جو کے حساب سے 450 روپے ادا کرنے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کھجور کے حساب سے 1650 صدقہ فطر و فدیہ صوم ادا کیا جائے، کشمش کے حساب سے 2500 روپے ادا کرنے ہوں گے، منقی کے حساب سے 5 ہزار روپے صدقہ فطر وصوم ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مخیّر حضرات مالی حیثیت کے مطابق صدقہ فطر اور فدیہ صوم ادا کریں، صدقہ الفطر ادا کرنا ہر غلام اور آزاد، مرد اور عورت مسلمان پر فرض ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ صاع (2 کلو احتیاط) جو، کھجور، منقی کا نصاب ایک صاع (4 کلوگرام احتیاط) بنتا ہے، 30 روزوں کا فدیہ گندم کے حساب سے 6600 روپے، جو کے حساب سے 13500 روپے، کھجور کے حساب سے 49500 روپے، کشمش کے حساب سے 75000 روپے جبکہ منقی کے حساب سے 150000 روپے ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جان بوجھ کر روزہ توڑنے کا کفارہ مسلسل 60 روزے رکھنا یا پھر 60 مساکین کو 2 وقت کا کھانا کھلانا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ سرکاری سبسڈی والا آٹا استعمال کرنیوالے صدقہ فطر وفدیہ صوم 160 روپے بھی ادا کر سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 6

اسٹیبلشمنٹ سے بات کر کے ریلیف لینا چاہتے ہیں۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ حکومت نے بانی پی ٹی آئی کو کوئی آفر نہیں کی وہ اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنا چاہتے، این آر او اور ریلیف لینا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کو آفر کس نے کی؟ آج تک وہ نام تو بتا نہیں سکے، وزیراعظم نے بی ٹی آئی کو پارلیمنٹ میں مذاکرات کی دعوت ضرور دی تھی کیونکہ جمہوریت میں مذاکرات سے ہی مسائل حل ہوتے ہیں اور ہم نے کبھی مذاکرات سے انکار بھی نہیں کیا مگر ڈیل، رہائی یا کیسز ختم کرنے کی کوئی بات نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ آئین وقانون میں دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق احتجاج کرنا ہے تو ضرور کریں، پی ٹی آئی کو غیر قانونی ہتھکنڈوں کی اجازت دی جائے گی نہ انہیں یہ اپنانے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک دوبارہ اب پاؤں پر کھڑا ہو رہا ہے، اس دوران کوئی بحرانی کیفیت نہیں پیدا کرنی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو مشکل حالات سے نکالنے کیلئے تمام سیاسی جماعتیں سر جوڑ کر بیٹھیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم سیاسی استحکام پیدا کرنے چاہتے ہیں، تمام تر توجہ سیاسی استحکام پر ہے، سیاسی استحکام ہوگا تو ملک معاشی استحکام کی طرف جائیگا، معاشی استحکام ہوگا تو عام آدمی کے حالات بہتر ہوں گے، روزگار ملیگا۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی سمجھتا ہے کہ 26 ویں ترمیم درست نہیں تو عدالت سے رجوع یا پارلیمنٹ میں کوشش کرے

بقیہ نمبر 7

محمد سلیم سے ملاقات کی۔ اس ملاقات کا مقصد پاکستان اور آسیان ممالک کے درمیان میڈیا کے شعبے میں باہمی تعاون کو مضبوط بنانا، ثقافتی تبادلے کو فروغ دینا، اور پیشہ ورانہ روابط کو مستحکم کرنا ہے۔ اس موقع پر آسیان کی نمائندگی آسیان سیکرٹیریٹ کے کلچر اینڈ انفارمیشن ڈویژن کے سینئر افسران مسٹر نوئل ہیڈل ٹین اور مس ویدیا لبریانی نے کی۔ چیئرمین پیمرا محمد سلیم نے وفد کے ساتھ ملاقات میں پاکستان اور آسیان ممالک کے درمیان میڈیا کے شعبے میں تعاون کے نئے راستے تلاش کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا دونوں خطوں کے درمیان ثقافتی اور سماجی ہم آہنگی کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ اسلئے ہم آسیان کے ساتھ مضبوط شراکت داری کے خواہاں ہیں تا کہ دونوں خطوں کے درمیان باہمی فہم اور تعاون کو بڑھایا جا سکے۔ اس موقع پر مسٹر نوئل ہیڈل ٹین نے کہا کہ آسیان اور پاکستان کے درمیان میڈیا کے شعبے میں تعاون نہ صرف خوش آئند ہے، بلکہ علاقائی امن اور ترقی میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔ مزید برآں مس ویدیا لبریانی نے کہا کہ ثقافتی تبادلے اور میڈیا کے ذریعے ہم دونوں خطوں کے درمیان نئے پل تعمیر کر سکتے ہیں۔ یہ پروگرام پاکستان اور آسیان ممالک کے درمیان میڈیا کے شعبے میں تعاون کو فروغ دینے کے لیے ایک اہم قدم ہے۔ اس کے ذریعے دونوں خطوں کے درمیان ثقافتی اور پیشہ ورانہ روابط کو مضبوط بنانے کی کوشش کی جائیگی۔ اس موقع پر اگیزیکٹو ممبر بیرسٹر سکندر رشید چوہدری، اگیزیکٹو ڈائریکٹر جنرل لائسنسنگ (براڈکاسٹ میڈیا) وکیل خان، اگیزیکٹو ڈائریکٹر جنرل (آپریشنز براڈکاسٹ میڈیا اینڈ پی آر) محمد طاہر، ڈائریکٹر جنرل و سٹاف آفیسر چیئرمین سیکریٹریٹ تمثیل حیدر، ڈائریکٹر جنرل (لیگل) طاہر فاروق تارڑ اور کنسلٹنٹ میڈیا مس سعدیہ وداد بھی موجود تھیں۔

بقیہ نمبر 8

سائرنگ کی جائے گی، نجکاری کے عمل کو مزید شفاف کر رہے ہیں۔ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ ہمیں اپنے معاشی اہداف کا مکمل ادراک ہے، حکومتی اخراجات میں کمی کے لئے اقدامات کر رہے ہیں، پائیدار معاشی استحکام کے لئے تمام اقدامات کئے جائیں گے، ملک بے جا مراعات کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ بعد ازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ معیشت میں ریٹیل سیکٹر کا حصہ 19 فیصد ہے جبکہ ٹیکسز میں ریٹیل سیکٹر کا حصہ ایک فیصد ہے، آرٹیفیشل انٹیلیجنس کو استعمال کر کے ٹیکس بڑھائیں گے۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ 9.4 ٹریلین کیش کی ڈاکومینٹیشن کرنی ہے، قومی ایئر لائن کی نجکاری کوری لانچ کر رہے ہیں، 30 جون تک تمام اداروں کی رائٹ سائزنگ کا عمل مکمل کریں گے، مینوفیکچرنگ، سروسز اور تنخواہ دار طبقے پر ٹیکسز کا تناسب پائیدار نہیں ہے۔

بقیہ نمبر 9

کا پلان طلب کر لیا، منصوبے کے تحت سیوریج، واٹر ڈرینیج، بارش کے پانی کے نکاس، گلیوں کی فرش بندی اور دیگر ترقیاتی کام کئے جائیں گے۔ اجلاس میں پنجاب کی تاریخ میں پہلی بار شہروں میں سیوریج بائی پاس اور ڈسپوزل سٹیشن بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، بارش کے پانی کے فوری نکاس کیلئے سٹوریج ٹینک بھی بنائے جائیں گے، واٹر سٹوریج ٹینک میں ذخیرہ شدہ پانی کو آبپاشی ودیگر مقاصد کیلئے استعمال کیا جائے گا۔ اجلاس میں شہروں میں سیوریج اور واٹر سپلائی کی پائپ لائن مناسب فاصلے پر بچھانے پر اتفاق کیا گیا، اجلاس میں طے پایا کہ ہر صوبائی حلقے میں 30،30 کلومیٹر روڈز کی تعمیر و بحالی کی جائے گی۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ نے ماڈل ولیجز بنانے کی بھی منظوری دی۔ مریم نواز پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام پر عملدرآمد کیلئے فوری اقدامات اٹھانے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام سے صوبے کے عوام مستفید ہوں گے، سیوریج کا موثر نظام نہ ہونے سے ہر شہر میں مسائل کا سامنا ہے، سیوریج کا دیرپا اور محفوظ سسٹم بنانے سے سڑکیں ٹوٹ پھوٹ سے محفوظ رہیں گی۔

بقیہ نمبر 10

طبی امداد کے لیے مقامی اسپتال منتقل کیا اور ابتدائی طبی امداد کے بعد اس کو مزید علاج معالجہ کے لئے تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال منتقل کر دیا گیا میڈیکل رپورٹ کے مطابق خاتون کے جسم کا 8 فیصد جھلس گیا ہے خاتون کو ابتدائی طبی امداد کے بعد اسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس نے پولیس نے متاثرہ خاتون کے والد کی مدعیت میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے تاہم تا حال ملزم گرفتار نہیں ہو سکا

بقیہ نمبر 11

سے بلیک لسٹ 4، زائد المیعاد قیام پر 1 اور بغیر پاسپورٹ 2 پاکستانی بے دخل کئے گئے۔ مالدیپ میں ناپسندیدہ قرار دے کر 1، متحدہ عرب امارات میں بغیر پاسپورٹ اور زائد المیعاد قیام پر 2، کینیا میں زائد المیعاد پاسپورٹ پر 1، قطر میں مفرور 4 اور مقامی قوانین کیخلاف ورزی پر 1 پاکستانی کو ڈی پورٹ کیا گیا

بقیہ نمبر 12

ہے کہ جنگ بندی معاہدے پر دستخط کر کے ہم نے لچک کا مظاہرہ کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق حماس نے چاروں لاشیں خان یونس میں ریڈ کراس کے حوالے کیں۔ اس موقع پر حماس کی جانب سے بینر بھی آویزاں کیے گئے جن پر درج تھا کہ جنگی مجرم نیتن یاہو اور اس کی نازی فوج نے صیہونی لڑاکا طیاروں سے میزائل برسائے، صیہونی لڑاکا طیاروں سے برسائے گئے میزائلوں سے یرغمالی مارے گئے۔ یاد رہے حماس کی قید میں موجود چاروں اسرائیلی یرغمالی اسرائیل کی غزہ میں بمباری میں مارے گئے تھے

بقیہ نمبر 13

مصطفیٰ کے سر، ہاتھوں اور پیروں کو زخمی کیا جس سے خون بہنا شروع ہو گیا تھا۔ ملزم نے بتایا کہ مصطفیٰ پر تشدد کے دوران میں نشے کی حالت میں تھا، مصطفیٰ کا خون بہنے پر مجھے شیراز نے روکا۔ ملزم نے بتایا کہ میں نے اپنی رائفل اٹھا کر مصطفیٰ کی جانب تین فائر بھی کئے لیکن وہ اسے نہیں لگے، یہ فائر مصطفیٰ کو وارننگ دینے کیلئے کئے تھے۔ ملزم نے بتایا شیراز کی مدد سے مصطفیٰ کو اسی کی گاڑی میں ڈال کر حب لے لیکر گئے، خیابان محافظ سے دریجی تک میں مصطفیٰ کی گاڑی خود ڈرائیو کر کے پہنچا، ہم نے مصطفیٰ کے منہ پر ٹیپ لگائی ہوئی تھی اور ہاتھ پاؤں باندھ دیئے تھے، حب لے جا کر گاڑی کی ڈگی کھولی تو مصطفیٰ زندہ تھا، ڈگی اور گاڑی کے شیشے کھولنے کے بعد پیٹرول چھڑکا اور مصطفیٰ سے کہا کہ ڈگی اور شیشے کھلے ہیں، ہمت ہے تو بھاگ جاؤ، مصطفیٰ نے حرکت کی کوشش کی لیکن گھٹنوں پر چوٹ کے باعث ہل نہیں پایا۔ ملزم ارمغان نے بتایا کہ آگ لگنے کے فوراً بعد مجھے شیراز نے وہاں سے چلنے کا کہا اور پھر ہم پیدل نکل کر مختلف گاڑیوں سے لفٹ لیتے کراچی تک پہنچے۔ تفتیشی حکام کے مطابق ملزم ارمغان کی نشاندہی پر خیابان مومن میں اس کے بنگلے کے گارڈ روم میں چھپایا گیا ڈنڈا برآمد کر لیا ہے، ملزم نے لوہے کی راڈ سے مصطفیٰ کو 2 گھنٹے تک تشدد کا نشانہ بنایا تھا۔ پولیس حکام کے مطابق مصطفیٰ کو تشدد کر کے، فولڈنگ راڈ، فائرنگ کر کے یا جلا کر قتل کیا گیا، پوسٹ مارٹم رپورٹ اور ڈی این اے کی رپورٹ کے بعد ہی معلوم ہو سکے گا۔

بقیہ نمبر 14

کے سلسلے میں باہمی اشتراک کار بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ قطری سفیر نے وزیر داخلہ کو قطر کے دورے کی دعوت دی جس پر محسن نقوی نے ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ قطر سے انتہائی قریبی تعلقات ہیں، جلد دورہ کر کے ہم منصب سے ملاقات کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ انسداد منشیات بارے خلیجی ممالک کی کانفرنس اپریل میں اسلام آباد میں ہو رہی ہے، اس کانفرنس میں قطر کے انسداد منشیات ڈیپارٹمنٹ کے سربراہ کو شرکت کی دعوت دی گئی ہے، انسداد منشیات کے سلسلے میں دوست ممالک کیساتھ قریبی اشتراک کار چاہتے ہیں۔ اس موقع پر قطری سفیر نے کہا کہ پاکستان برادر اسلامی ملک ہے جس سے تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں۔

بقیہ نمبر 15

حوالے سے رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس پشاور میں طلب کر لیا ہے۔ وزارت مذہبی امور کے نوٹیفکیشن کے مطابق رمضان المبارک 1446 ہجری کا چاند دیکھنے کے لیے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس 28 فروری کو پشاور میں ہوگا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اجلاس کی صدارت مرکزی رویت ہلال کمیٹی کے چیئرمین مولانا عبدالخبیر آزاد کریں گے۔ وزارت مذہبی امور کا کہنا ہے کہ زونل رویت ہلال کمیٹیاں اپنے متعلقہ مقامات پر اجلاس منعقد کریں گی اور موصول ہونے والی شہادتوں کی بنیاد پر چاند نظر آنے یا نہ آنے کا حتمی اعلان مرکزی کمیٹی کرے گی۔

بقیہ نمبر 16

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر ڈی ریگولیٹ فارمولے کو مسترد کرتے ہیں، ڈی ریگولیٹ فارمولا عائد ہونے سے پیٹرولیم اسمگلنگ اور ملاوٹ کا سلسلہ شروع ہو جائیگا۔ انہوں نے کہ اکہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کو ڈی ریگولیٹ کرنے سے پٹرول پمپ اپنی قیمت کا تعین خود کرے گا۔ سینیٹرل کمیٹی کا ہنگامی اجلاس طلب کر لیا ہے، آج ملک بھر میں احتجاجی بینرز آویزاں ہو جائیں گے۔ عبدالسمیع خان نے کہا کہ وزارت پیٹرولیم کو ہنگامی خط میں ڈی ریگولیٹ فارمولے کی مخالفت اور مارجن بڑھانے کا مطالبہ کیا جائیگا۔ پیٹرولیم ڈیلرز کا فی لیٹر مارجن 4 فیصد اضافے سے 13 روپے کیا جائے۔ اوگرا نے ڈی ریگولیٹ فارمولے پر پیٹرولیم ڈیلرز کی حمایت کی مگر منسٹری کے سامنے بولنے کی ہمت نہیں۔ چیئرمین پی پی ڈی اے کا کہنا تھا کہ ایران سے پیٹرولیم اسمگلنگ پھر بڑھنا شروع ہوگئی، اسمگلنگ ختم کرنے کیلئے وفاق ایران سے لیگل ایگریمنٹ کرے۔ مصدق ملک نے پیٹرولیم ڈیلرز کو نظرانداز کیا، دعویٰ کرتا ہوں ڈی ریگولیشن سے عوام کو سستا پیٹرول نہیں ملے گا۔

بقیہ نمبر 17

کشف میں تصادم ہوا جس کے نتیجے میں 4 افراد جاں بحق اور 7 زخمی ہوئے۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ قومی شاہراہ پر حادثہ دھند اور تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، لاشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب کراچی سے سوات جانے والی مسافر بس کو شاہ رکن عالم انٹرچینج کے قریب حادثہ پیش آیا جہاں مسافر بس اور ٹرالر کی ٹکر ہوئی جس کے نتیجے میں 5 افراد جاں بحق اور 7 زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق بس پہلے موٹروے پر ڈیوائیڈر سے ٹکرائی اور پھر ٹرالر سے ٹکرا گئی، ٹکر کی وجہ سے مسافر بس کا اگلا حصہ بری طرح تباہ ہو گیا اور ٹریلر الٹ گیا۔ ادھر پڈعیدن میں مورو کے قریب ٹرالر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق ہو گیا جبکہ سرگودھا میں جھنگ روڈ پر ٹریکٹر ٹرالی سیم نالے میں گر گئی جس کے نتیجے میں 3 مزدور زخمی ہو گئے۔

بقیہ نمبر 18

زون کی ہدایات کے مطابق محکمہ جنگلات جھنگ فارسٹ ڈویژن نے شورکوٹ پلانٹیشن میں خدانخواستہ آگ لگنے کی صورت میں اس پر بہتر ردعمل کیلئے ایک موک ایکسر سائز کا اہتمام کیا اس سلسلے میں شورکوٹ پلانٹیشن میں محکمہ جنگلات کے فیلڈ عملہ، ریسکیو 1122 شورکوٹ اور مقامی آبادی کے لوگوں نے اس میں مل کر حصہ لیا اور اس ایکسر سائز کا مقصد اس عزم کا اظہار ہے کہ محکمہ جنگلات اور دیگر ادارے اپنی عوام کے ساتھ مل کر جنگل کو آگ جیسے حادثات سے بچانے کیلئے تیار ہیں

بقیہ نمبر 19

شکایت پر گرفتار کیا ہے۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق گرفتار ملزم منصور کنسلٹنٹ کے نام سے ویزا کنسلٹینسی کا کام کر رہا تھا، ملزم نے بھاری رقوم وصول کر کے متاثرہ شہری کو جعلی اپوائنٹمنٹ لیٹر جاری کی

بقیہ نمبر 20

ہیں، فیصلے میں کہا گیا ہے کہ گلوبل جینڈر کیپ انڈکس 2024 کے مطابق دنیا کے 146 ممالک میں پاکستان کا 145 واں نمبر ہے، امریکی سپریم کورٹ کا فیصلہ ہے کہ یرغمالی ماحول بھی ہراسگی کی تعریف میں آتا ہے۔ یاد رہے کہ ڈاکٹر سدرہ اپنے ڈرائیور کے خلاف ہراسگی کے معاملے پر پنجاب محتسب سے رجوع کیا تھا، محتسب نے ڈرائیور محمد دین کو جبری ریٹائرمنٹ کی سزا دی، ڈرائیور نے گورنر پنجاب کو ریپریزنٹیشن بھیجی جو مسترد ہوئی، لاہور ہائیکورٹ نے بھی جبری ریٹائرمنٹ کیخلاف درخواست مسترد کر دی تھی

بقیہ نمبر 21

منظور کیں، عدالت نے پی ٹی آئی ورکرز کو پولیس سٹیشن میں بیان حلفی جمع کرانے کا حکم دیدیا، قائم مقام چیف جسٹس نے ہدایت کی کہ بیان حلفی دیں کہ آئندہ ایسا جرم نہیں کریں گے، عدالت نے 20 ہزار روپے کے مچلکے اور ایک شورٹی بھی جمع کرانے کا حکم دیدیا۔

بقیہ نمبر 22

کہ بس میں وائی فائی اور موبائل چارجنگ کی سہولت بھی میسر ہوگی۔

بقیہ نمبر 23

وزارت آئی ٹی کو احکامات جاری کر دیئے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم رمضان ریلیف پیکیج کیلئے شارٹ کوڈ 9999 استعمال کیا جائے گا، وزارت آئی ٹی شارٹ کوڈ کو رمضان پیکیج کے پیغامات کی تصدیق کے لئے یقینی بنائے گی۔ وزارت آئی ٹی کو موبائل نمبرز کے ساتھ شناختی کارڈ کو پیج کرنے کا ٹاسک بھی دیا گیا ہے، رمضان ریلیف پیکیج کے لئے این ٹی سی میں کنٹرول روم قائم کیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم رمضان ریلیف پیکیج کے تحت 39 لاکھ خاندانوں کو نقد رقم دینے کی تجویز ہے، پیکیج کے تحت فی مستحق خاندان کے لئے ایک بار 5 ہزار روپے کی کیش مالی امداد کی تجویز ہے۔ وزیراعظم رمضان ریلیف پیکیج کے بجٹ کا تخمینہ 20 ارب 50 کروڑ روپے لگایا گیا ہے، اس بار وزیراعظم رمضان ریلیف پیکیج یوٹیلیٹی سٹورز کے ذریعے فراہم نہیں کیا جا رہا۔

بقیہ نمبر 24

جو بطور صارف عدالت خدمات سرانجام دیں گے۔ ڈائریکٹوریٹ آف کنزیومر پروٹیکشن کونسل کے اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 3 مالی سالوں میں موجودہ صارف عدالتوں میں مجموعی طور پر 8381 کیس دائر ہوئے، ان کیسز کیلئے 98 کروڑ 19 لاکھ 88 ہزار روپے کی بھاری رقم تخمینہ کی گئی۔ سمری میں یہ بھی نشاندہی کی گئی کہ کیسوں کی تعداد بہت کم جبکہ اخراجات بہت زیادہ ہیں، فی کیس اوسطاً خرچ 1 لاکھ 17 ہزار 167 روپے آیا جو خزانے پر بھاری بوجھ ہے، گزشتہ مالی سال میں صرف 1864 کیس زیر سماعت آئے جن کیلئے 15 کروڑ 20 لاکھ روپے کا بجٹ مختص کرنا پڑا۔ حکومت پنجاب نے صارفین کے حقوق کے تحفظ کیلئے پنجاب کنزیومر پروٹیکشن ایکٹ کی تشکیل کے بعد لاہور، گوجرانوالہ، گجرات، سیالکوٹ، راولپنڈی، سرگودھا، فیصل آباد، ساہیوال، ملتان، ڈیرہ غازی خان، بہاولپور، رحیم یار خان، بہاولنگر، لیہ، بھکر، میانوالی اور منڈی بہاوالدین میں ڈسٹرکٹ کنزیومر کورٹس قائم کی تھیں۔

بقیہ نمبر 25

سے سر اور چہرے پر ضربات لگا کر قتل کیا گیا، تھانہ اوکانوالہ بنگلہ کے تفتیشی سب انسپکٹر چوہدری منشا نے بتایا کہ مقتول کا نام عمر حیات ولد خضر حیات ہے جو مخدوم پور روڈ ملتان کا رہائشی تھا اور پچھلے کچھ عرصہ سے مقامی زمیندار کے باغ میں بطور مالی ملازمت کرتا تھا، مقتول 5 روز قبل اچانک غائب ہو گیا جسکی بعد ازاں گوبر کے ڈھیر سے نعش ملی، عمر حیات دو بیٹیوں اور ایک بیٹے سمیت 3 بچوں کا باپ تھا جسکی بیوی بھی بچوں سمیت غائب ہے، بیوی سے پوچھ گچھ کے بعد اس اندھے قتل کا معمہ حل ہو جائیگا۔

بقیہ نمبر 26

علاقے ظاہر پیر میں افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا، حادثہ کے بعد مسافر بس روڈ سے نیچے اتر گئی، حادثے میں 4 مسافر جاں بحق جبکہ 7 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ حکام کا کہنا ہے کہ حادثہ دھند اور تیز رفتاری کے باعث پیش آیا، زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب شہر قائد کراچی میں بلدیہ موا چھ گوٹھ پل کے قریب بس اور ڈمپر میں تصادم ہوا جس کے نتیجے میں 9 افراد زخمی ہو گئے، زخمیوں کو طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے

بقیہ نمبر 27

قومی موومنٹ کے چیئرمین آفاق احمد کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی۔ دوران سماعت وکیل نے دلائل دیئے ہوئے مقف اپنایا کہ آفاق احمد کے خلاف کوئی ثبوت پیش نہیں کیا گیا، آفاق احمد نے کسی کو ڈمپر یا ٹینکر جلانے کا نہیں کہا، چیئرمین مہاجر قومی موومنٹ کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ پراسیکیوٹر نے کہا کہ آفاق احمد کے اکسانے پر مشتعل ہو کر لوگوں نے کئی گاڑیوں کو آگ لگائی، آفاق احمد کے خلاف لانڈھی اور عوامی کالونی تھانے میں دو مقدمات درج ہیں۔ بعد ازاں عدالت نے وکلا کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا، ممکنہ طور پر آفاق احمد کی ضمانت پر عدالت کل فیصلہ سنائے گی۔

بقیہ نمبر 28

گیا ہے۔ ساحل سمندر کے کنارے واقع ہوٹل کو امریکا سے بے دخل کیے جانے والے افراد کو رکھنے کے لیے عارضی طور پر ڈیٹینشن سینٹر میں تبدیل کیا گیا ہے۔ تارکین وطن کی غیر ملکی میڈیا اور سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیوز میں خواتین اور مردوں کو ہوٹل کے کمروں کی کھڑکیوں سے 'ہماری مدد کریں' اور 'ہم اپنے ملک میں محفوظ نہیں' جیسے پیغامات پلے کارڈز پر لکھ کر لہراتے ہوئے دیکھا گیا۔ امریکا سے ملک بدر کیے جانے والے 300 تارکین وطن کا تعلق پاکستان، بھارت، افغانستان، چین، ایران اور دیگر ممالک سے ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ ان تارکین وطن کو اس وقت تک وطن واپس جانے کی اجازت نہیں دی جائے گی جب تک بین الاقوامی حکام ان کی واپسی کا بندوبست نہیں کرتے۔ امریکی صدر کی حیثیت سے حلف اٹھانے کے بعد ڈونلڈ ٹرمپ نے جنوبی امریکی سرحد پر قومی ایمرجنسی اور لاکھوں تارکین وطن کو ملک بدر کرنے کا اعلان کیا تھا۔ پاناما کے صدر ہوزے رال ملینو نے ٹرمپ انتظامیہ کو امریکا سے بے دخل کیے گئے تارکین وطن کو عارضی طور پر اپنے ملک میں روکنے کی پیشکش کی تھی۔ پاناما کے حکام کا کہنا ہے کہ تارکین وطن کو امریکا اور پاناما کے درمیان موجود ہجرت کے معاہدے کے تحت طبی امداد اور خوراک فراہم کی جا رہی ہے۔ امریکا بدر کیے جانے والے 200 افراد میں سے 171 نے پناہ گزینوں کی عالمی ایجنسیوں کی مدد سے اپنے ملک واپس جانے پر آمادگی ظاہر کی ہے۔

بقیہ نمبر 29

گردی شعبے میں مشترکہ مشق کی اختتامی تقریب چراٹ میں منعقد ہوئی، دو ہفتوں پر محیط مشق 10 فروری کو شروع ہوئی تھی جس میں پاکستان آرمی کے سپیشل سروسز گروپ کی 2 کمیٹ ٹیموں اور جمہوریہ ترکیہ کی سپیشل فورسز کے 36 اہلکاروں نے شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی کمانڈر 11 کور تھے جبکہ جمہوریہ ترکیہ سے بریگیڈیئر جنرل احمد عاشق نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ مشق کے دوران دونوں ممالک کے فوجی دستوں نے اعلیٰ پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کیا۔ مشق کا مقصد مشترکہ تربیت کے ذریعے فوجی جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو مزید نکھارنا اور دوست ممالک کے درمیان تاریخی عسکری تعلقات کو مزید مضبوط بنانا تھا، مشق میں شریک فوجی دستوں نے مشترکہ تربیت سے بھرپور استفادہ کیا۔

بقیہ نمبر 30

کر دہشت گردوں کو کرم کے مختلف علاقوں سے گرفتار کیا گیا۔ اس ضمن میں بتایا گیا کہ گرفتار دہشت گردوں کو نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا گیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ گرفتار دہشت گرد 17 فروری کو کانوائے پر حملے میں ملوث تھے جبکہ واردات میں ملوث مزید شدت پسندوں کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 31

نے چیئرمین نادرا کو مستقل تعینات کرنے کا بھی ایک نوٹیفکیشن جاری کیا تھا۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ درخواست گزار نے منتخب وفاقی حکومت کے دونوں نوٹیفکیشنز کا درخواست میں ذکر نہیں کیا۔ درخواست گزار کی درخواست کی بنیاد حقائق کے برعکس ہے، عدالت وفاقی حکومت کی اپیل منظور، سنگل بینچ کا فیصلہ کالعدم قرار دیتی ہے۔

بقیہ نمبر 32

لے قیدی لقمان مسیح کو دوبارہ گرفتار کر لیا ہے۔ ذرائع کے مطابق جیل سپرنٹنڈنٹ عبدالغفور انجم کی سربراہی میں تشکیل دی گئی ٹیم نے ملزم کے عزیز رشتہ داروں کو شامل تفتیش کر کے معلومات حاصل کیں اور ملزم کیخلاف کارروائی عمل میں لا کر اسے گرفتار کیا۔ دوسری جانب ڈی آئی جی جیل راولپنڈی عبدالرؤف رانا اور سپرنٹنڈنٹ سینٹرل جیل اڈیالہ عبدالغفور انجم کی سربراہی میں انکوائری ٹیم کی ابتدائی رپورٹ میں 2 اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹس سمیت 6 اہلکاروں کو غفلت و مس کنڈکٹ کا مرتکب قرار دیا گیا ہے، جس پر آئی جی جیل خانہ جات پنجاب میاں نذیر فاروق نے افسران اور اہلکاروں کو 90 روز کیلئے معطل کر دیا ہے

بقیہ نمبر 33

اغوا کر لیا۔ اغوا کے دوران ملزمان نے نوجوان کو نشہ آور چیز اور اسپرے کے ذریعے مدہوش کیا اور پھر غیر اخلاقی کام کرانے کے بعد اس کی ویڈیو بنالی۔ ملزمان نے ویڈیو کو عوامی طور پر اپ لوڈ کرنے کی دھمکی دی اور نوجوان سے بڑی رقم کا مطالبہ کیا۔ اس کے بعد، رات تک رقم دینے کی یقین دہانی پر ملزمان نے نوجوان کو سرجانی کے قریب اندھیرے میں چھوڑ دیا اور فرار ہو گئے

بقیہ نمبر 34

گھروں پر خودکار ہتھیاروں سے فائرنگ بھی کی۔ دوسری طرف وزرانی بارڈر ریجن میں اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہو گیا۔ اسرائیلی فوج کے مطابق یہ حملہ حزب اللہ کے ایک جنگجو کو نشانہ بنانے کے لیے کیا گیا، جو مبینہ طور پر اسلحہ لے جا رہا تھا

بقیہ نمبر 35

ایڈووکیٹ ہائیکورٹ، مہر فضل رسول ایڈووکیٹ ہائیکورٹ مہر فیصل فاروق ایڈووکیٹ ہائیکورٹ، مہر محمد اجمل نول ایڈووکیٹ ہائیکورٹ، سردار غلام مصطفیٰ سہو ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ، چوہدری عمران ساجد ایڈووکیٹ ہائیکورٹ ، چوہدری بدر گجر ایڈووکیٹ ہائیکورٹ، نواب ایوب خان ایڈووکیٹ ہائیکورٹ، سید حسن ممتاز بخاری ایڈووکیٹ، رائے آصف بھٹی ایڈووکیٹ ، مہر ہیبت خان نول ایڈووکی

سپریم کورٹ آئینی بنچ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کیخلاف انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت' جسٹس امین کی سربراہی میں بنچ سماعت کر رہا ہے

شق سی والوں کا کورٹ مارشل نہیں کر سکتے آفیسر کا ہوتا ہے وکیل

عام ترامیم بنیادی حقوق متاثر نہیں کر سکتیں، دیکھنا یہ ہے آئین کس چیز کی اجازت دیتا ہے، ملزم کے اعتراف کیلئے سبجیکٹ کا ہونا ضروری ہے

شق سی کے مطابق جو ملازمین آتے ہیں وہ حلف نہیں لیتے، وکیل عزیر بھنڈاری نے کہا کہ شق سی والوں کا کورٹ مارشل نہیں کر سکتے

اسلام آباد (آئی آئی پی) سپریم کورٹ آئینی بنچ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کیخلاف انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت کے دوران بانی پی ٹی آئی کے وکیل عزیر بھنڈاری نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ شق سی والوں کا کورٹ مارشل نہیں کر سکتے، کورٹ مارشل آفیسرز کا ہوتا ہے۔ سپریم کورٹ آئینی بنچ میں فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کیخلاف انٹرا کورٹ اپیلوں پر سماعت ہے، جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی بنچ سماعت کر رہا ہے، وکیل عزیر بھنڈاری نے کہا کہ عام ترامیم بنیادی حقوق متاثر نہیں کر سکتیں، دیکھنا یہ ہے آئین کس چیز کی اجازت دیتا ہے، ملزم کے اعتراف کیلئے سبجیکٹ کا ہونا ضروری ہے، ایف بی علی نے واضح کیا ٹون ڈی والے 83 اے میں نہیں آتے، آرمی ایکٹ کا تعلق صرف ڈسپلن سے (بقیہ نمبر 43)

چیئرمین نیب کی سربراہی میں نیب کا ادارہ بدعنوانی پر قابو پانے' عوام کو درپیش مشکلات کے ازالے کیلئے اداروں کیساتھ مل کر کام کر رہا ہے

نیب کے ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے اہم اقدام

چیئرمین نیب کے ویژن کے تحت نیب کے مختلف اداروں سے مزید باہمی معاہدے زیر تکمیل ہیں' جن کا مقصد باہمی تعاون سے آسانیاں پیدا کرنا ہے

حالیہ معاہدوں کے تحت نیب ملازمین کو صحت کے شعبے میں متعلقہ اداروں کے رعایتی پیکج سے استفادہ حاصل ہوگا' مزید معاہدے بھی زیر غور ہیں

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) قومی احتساب بیورو (نیب) اور نجی شعبے کے مختلف تعلیمی و طبی اداروں کے مابین مفاہمت کے 6 معاہدوں پر آج نیب ہیڈ کوارٹر اسلام آباد دستخط کئے گئے۔ چیئرمین نیب کے ویژن کے تحت نیب کے مختلف اداروں سے مزید باہمی معاہدے زیر تکمیل ہیں۔ جن کا مقصد باہمی تعاون سے کارکردگی اور خدمات کا معیار بہتر بنانا اور نیب کے ملازمین کیلئے سہولیات اور آسانیاں پیدا کرنا ہے۔ قائم مقام چیئرمین نیب سہیل ناصر، پراسیکیوٹر جنرل اکاؤنٹیبلیٹی سید احتشام قادر شاہ، ڈائریکٹر جنرل نیب ہیڈ کوارٹر فرمان اللہ، چیئرمین نیب کے مشیر ظفر اقبال، کی موجودگی میں ڈائریکٹر نیب ہیڈ کوارٹر محمد عمران بٹ اور معروف انٹرنیشنل ہسپتال کے سی ای او، شعیب احمد خان، علی میڈیکل سینٹر کے سی ای او ڈاکٹر بلال ارشد (بقیہ نمبر 42)

مختلف چیمبرز اور تجارتی تنظیموں کے عہدیداران لاہور چیمبر میں ٹریڈ آرگنائزیشنز ایکٹ میں متنازعہ ترمیم کیخلاف پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پولیس افسر کا بھتیجا آن لائن گیم کھیلنے کی پاداش میں مبینہ طور اغوا

اویس نے نوجوان کو ملنے کے لیے بلایا اور ایک سازش کے تحت اپنے دوست کے ساتھ مل کر اسے اغوا کر لیا

اغوا کے دوران ملزمان نے نوجوان کو نشہ آور چیز اور اسپرے کے ذریعے مدہوش کیا اور پھر غیر اخلاقی کام کرانے کے بعد اس کی ویڈیو بنالی

کراچی (آئی آئی پی) شہر قائد کے علاقے منگھوپیر میں پولیس افسر کے بھتیجے کو آن لائن گیم کھیلنے کی پاداش میں مبینہ طور پر اغوا کر لیا گیا۔ واقعہ کی تفصیلات کے مطابق متاثرہ نوجوان نے اپنی شکایت تھانہ منگھوپیر میں درج کرائی، جس کے بعد پولیس نے تفتیش شروع کر دی۔ مقدمے کے متن میں بتایا گیا ہے کہ ایک شخص اویس نے ایپلیکیشن کے ذریعے نوجوان کی ذاتی معلومات حاصل کی اور خود کو اس کی یونیورسٹی کا طالب علم ظاہر کرتے ہوئے دوستی کا آغاز کیا۔ اویس نے نوجوان کو ملنے کیلئے بلایا اور ایک سازش کے تحت اپنے دوست کے ساتھ مل کر اسے (بقیہ نمبر 33)

ہیلتھ سینٹرز کی تعمیر و مرمت کے ساتھ ساتھ اب گریڈیشن کا عمل بھی جاری

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس سے) مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب میجر جنرل ڈاکٹر اظہر محمود کیانی کا تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں دل کے مریضوں کے معائنے کے ساتھ ساتھ دیگر معاملات سے متعلق میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہنا تھا کہ پچھلے دور کے بعد سے (بقیہ نمبر 34)

ضلع کشمور پولیس کا روپوش اور اشتہاری ملزمان کے خلاف مؤثر کریک ڈاؤن

کشمور (سید رشید احمد شاہ) ضلع کشمور میں قانون کی بالادستی کو یقینی بنانے کے لیے پولیس کی کارروائیاں تیزی سے جاری ہیں۔ ایس ایس پی کشمور کندھ کوٹ زبیر نظیر احمد شیخ PSP کی ہدایت پر DSP ڈی ایس (بقیہ نمبر 36)

سید الشہدا لائیرز فورم جھنگ بار کی شیخ محمد عرفان الحق ایڈووکیٹ کی حمایت کا اعلان کرنی کی تقریب

چیمپیئنز ٹرافی کا آغاز، پی ایچ اے راولپنڈی کے اسٹیڈیم روڈ پر خصوصی انتظامات

اسٹیڈیم روڈ پر گرین ایریاز، گزرگاہوں کو خوشنما پھولوں سے سجا دیا گیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی راولپنڈی کی جانب سے راولپنڈی شہر میں چیمپیئنز ٹرافی کے میچز کے انعقاد کے پیش نظر اسٹیڈیم روڈ کے گرین ایریاز اور گزرگاہوں کو خوبصورت اور رنگ برنگے پھولوں سے سجا دیا گیا۔ ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے احمد حسن رانجھا کی خصوصی ہدایات پر اسٹیڈیم روڈ کو کرکٹ اسٹیڈیم میں چیمپیئن (بقیہ نمبر 35)

آسیان (ASEAN) میڈیا وفد کا پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی کے ہیڈ کوارٹر کے دورے کے موقع پر گروپ فوٹو

آسیان میڈیا (ASEAN) کے وفد کا اسلام آباد میں پیمرا ہیڈ کوارٹرز کا دورہ

آسیان وفد کی نمائندگی آسیان سیکرٹیریٹ کے کلچر اینڈ انفارمیشن ڈویژن کے سینئر افسران مسٹر نوئل ہیڈل ٹین اور مس ویدیا نے کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) آسیان (ASEAN) میڈیا وفد نے پاکستان الیکٹرانک میڈیا ریگولیٹری اتھارٹی (پیمرا) کے ہیڈ کوارٹر اسلام آباد کا دورہ کیا۔ وفد نے پاکستان آسیان (ASEAN) کے اشتراک سے منعقدہ پروگرام کے تحت چیئرمین پیمر محمد سلیم سے ملاقات کی۔ اس ملاقات کا مقصد پاکستان اور آسیان ممالک کے درمیان میڈیا کے شعبے میں باہمی تعاون کو مضبوط بنانا، ثقافتی تبادلے کو فروغ دینا، اور پیشہ ورانہ روابط کو مستحکم کرنا ہے۔ اس موقع پر آسیان کی نمائندگی آسیان سیکرٹیریٹ کے کلچر اینڈ انفارمیشن ڈویژن کے سینئر افسران مسٹر نوئل ہیڈل ٹین اور مس ویدیا لبریانی نے کی۔ چیئرمین پیمر احمد سلیم نے وفد کے ساتھ ملاقات میں پاکستان اور آسیان ممالک کے درمیان میڈیا کے شعبے میں تعاون کے نئے راستے تلاش کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا دونوں خطوں کے درمیان ثقافتی اور سماجی ہم آہنگی کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ اسلئے ہم آسیان کے ساتھ مضبوط شراکت داری کے خواہاں ہیں تاکہ دونوں خطوں ا (بقیہ نمبر 7)

جج بننے کا ٹیسٹ، پشاور ہائیکورٹ وکلا انگریزی میں فیل

بار کونسل نے خط میں مطالبہ کیا کہ فیل ہونیوالے وکلا کیلئے انگریزی کے معیار میں نرمی کی جائے تاکہ اچھے امیدوار سامنے آسکیں

سکرینگ ٹیسٹ میں 598 وکلا نے حصہ لیا، جن میں سے 139 وکلا انگریزی میں ناکام ہوگئے

پشاور (آئی آئی پی) ایڈیشنل سیشن جج کی تعیناتی کیلئے ہونیوالے سکرینگ ٹیسٹ میں وکلا کے انگریزی میں فیل ہونے کا معاملہ سامنے آیا ہے، جس پر خیبر پختونخوا بار کونسل نے پشاور ہائیکورٹ کو خط لکھ دیا۔ بار کونسل نے خط میں مطالبہ کیا کہ فیل ہونے والے وکلا کیلئے انگریزی کے معیار میں نرمی کی جائے تاکہ اچھے امیدوار سامنے آسکیں۔ سکرینگ ٹیسٹ میں 598 وکلا نے حصہ لیا، جن میں سے (بقیہ نمبر 57)

مسلم خواتین پر حملہ کرنیوالی 31 سالہ خاتون گرفتار

متاثرہ خواتین میں سے ایک' علاف العسعوی نے حملے کو دل دہلا دینے والا قرار دیا

میلبرن (انٹرنیوز) آسٹریلیا میں حجاب پہننے پر دو مسلم خواتین پر حملہ کرنیوالی 31 سالہ خاتون کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ اسلاموفوبیا کے تحت ہونے والا حملہ ہوسکتا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق چند روز قبل یہ واقعہ شاپنگ سینٹر میں پیش آیا، جہاں (بقیہ نمبر 59)

شوہر نے ساتھی کیساتھ مل کر بیوی، بیٹی کو تیزاب پھینک کر جھلسا دیا

بہاولپور (انٹرنیوز) بہاولپور میں شوہر نے ساتھی کیساتھ مل کر بیوی، بیٹی کو تیزاب پھینک کر جھلسا دیا۔ پولیس حکام کے مطابق بہاولپور کے علاقے بستی کھوکھراں میں (بقیہ نمبر 58)

بارش اور دھند، بالائی علاقوں کی 6 پروازیں منسوخ، 14 تاخیر کا شکار

اسلام آباد (انٹرنیوز) بارش اور دھند کے سبب بالائی علاقوں کی 6 پروازیں منسوخ، 14 پروازیں تاخیر کا شکار ہوگئیں۔ حکام کے مطابق لاہور، اسلام آباد، پشاور اور ملک (بقیہ نمبر 61)

ڈمپر' مزدے میں تصادم' 11 سے زائد مسافر زخمی

اطلاع ملتے ہی ریسکیو حکام موقع پر پہنچے اور زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا

کراچی (انٹرنیوز) کراچی میں مزدے اور ڈمپر کے تصادم میں خواتین سمیت 11 سے زائد افراد زخمی ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق سعید آباد تھانے کے علاقے میں پولیس ٹریننگ سینٹر کے سامنے حب ریور روڈ پر تیز رفتاری کے باعث مسافر مزدے اور ڈمپر میں تصادم (بقیہ نمبر 60)

حجاب پر نئی پابندی، فرانس میں مسلم خواتین کی مشکلات میں اضافہ

ایمنسٹی انٹرنیشنل نے خبردار کیا کہ یہ قانون مسلم خواتین کے خلاف مذہبی، نسلی اور صنفی امتیاز کو مزید بڑھا دے گا

اقوام متحدہ کے ماہرین نے بھی فرانس میں حجاب پر عائد پابندیوں کو غیر متناسب اور امتیازی قرار دیا ہے

پیرس (این این آئی) فرانسیسی سینیٹ نے کھیلوں کے مقابلوں میں حجاب سمیت تمام مذہبی علامات پر پابندی کے بل کی منظوری دے دی، جس پر انسانی حقوق کے کارکنوں اور بائیں بازو کے سیاستدانوں نے سخت تنقید کی ہے۔ فرانس کی دائیں بازو کی اکثریت والی سینیٹ نے 210 ووٹوں کے مقابلے میں 81 ووٹوں سے اس متنازعہ بل کو منظور کیا، جس کے تحت تمام کھیلوں کے مقابلوں میں ایسے نشانات (بقیہ نمبر 62)

معاون خصوصی سلمیٰ بٹ اور سیکرٹری پرائس کنٹرول محمد اجمل بھٹی رمضان نگہبان بیج بارے بریفنگ لے رہے ہیں

سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال پنجاب اسٹیڈیم میں انتظامی امور بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور ہائیکورٹ چیئرمین نادرا بارے حکومتی اپیل کا تحریری فیصلہ جاری

چیئرمین نادرا کو تعینات کیا' درخواست کی بنیاد حقائق کے برعکس، درخواست گزار نے دونوں نوٹیفکیشن کا ذکر نہیں کیا، تفصیلی فیصلہ

درخواست گزار کی درخواست کی بنیاد حقائق کے برعکس ہے، عدالت وفاقی حکومت کی اپیل منظور، سنگل بینچ کا فیصلہ کالعدم قرار دیتی ہے

لاہور (انٹرنیوز) لاہور ہائیکورٹ نے چیئرمین نادرا کو عہدے سے ہٹانیکا سنگل بنچ کا حکم کالعدم قرار دینے کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ جسٹس چودھری محمد اقبال کی سربراہی میں دو رکنی بینچ کی جانب سے جاری 16 صفحات پر مشتمل فیصلے میں کہا گیا ہے کہ نگران حکومت نے قانون میں دیئے گئے اختیارات کے تحت چیئرمین نادرا کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کیا۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ منتخب وفاقی حکومت نے چیئرمین نادرا کی تعیناتی کے 2 نوٹیفکیشن جاری کئے، چیئرمین نادرا کی تعیناتی کا دوبارہ نوٹیفکیشن مارچ میں جاری ہوا، منتخب وفاقی حکومت (بقیہ نمبر 31)

واپڈا کمپنیوں میں کام کے بوجھ' سٹاف کی بھارتی نہ کیے جانے کیخلاف احتجاجی ریلی نکالی جارہی ہے

راولپنڈی کینٹ بورڈ کا چوہڑ بازار میں تجاوزات کیخلاف آپریشن

غیر قانونی شیڈز، تھڑے، سائن بورڈ مسمار، شہریوں کا خیر مقدم

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کینٹ بورڈ نے چوہڑ بازار میں تجاوزات کیخلاف آپریشن کیا۔ غیر قانونی شیڈز، تھڑے، سائن بورڈ مسمار کر دیے، تفصیلات کے مطابق سی ای او راولپنڈی کینٹ بورڈ سید علی عرفان رضوی کی ہدایت پر چوہڑ بازار میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا۔ دکانوں کے باہر سینکڑوں غیر قانونی شیڈ، تھڑے، سائن (بقیہ نمبر 40)

پاکستان واپڈا ایمپلائز پنشنرز ایسوسی ایشن کی جانب سے احتجاج جاری

کشمور (سید رشید احمد شاہ) آج پورے پاکستان میں آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس (اگینگا) پاکستان ریٹائرڈ ملازمین کا احتجاج اور ریلیاں نکالی جا رہی ہیں اس کے ساتھ یکجہتی کرتے ہوئے یہاں کندھ کوٹ میں بھی احتجاج کیا جا رہا ہے پاکستان (بقیہ نمبر 38)

نہروں کی تعمیر اور ڈاکٹر مہر چند کے خلاف ایف آئی آر پر جے یو آئی کا احتجاج

کندھ کوٹ (علی نواز شیخ) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کی جانب سے پنجاب میں دریائے سندھ سے نکلنے والی نہروں، بڑھتی ہوئی بدامنی اور ڈاکٹر مہر چند کے خلاف مبینہ جھوٹی ایف آئی آر کے خلاف بھر (بقیہ نمبر 39)

قائم مقام چیئرمین نیب سہیل ناصر کی موجودگی میں نیب اور نجی اداروں کے درمیان مفاہمت کے 6 معاہدوں پر دستخط ہوگئے

چینی اور مصری کمپنیوں کا مصر میں الٹرا ساؤنڈ ڈیوائس فیکٹری کی تعمیر کا معاہدہ

قاہرہ (شیشوا) مصر کی وزارت صحت و آبادی نے کہا ہے کہ مصری کمپنی تحویہ میڈیکل انڈسٹریز اور چینی کی طبی آلات اور حل فراہم کرنے والی کمپنی مندرے نے مصر میں الٹرا ساؤنڈ ڈیوائس کی تیاری کا پہلا پلانٹ لگانے کے لئے تعاون کے معاہدے پر دستخط کئے ہیں۔ معاہدے پر دستخط کی تقریب میں شریک (بقیہ نمبر 49)

غیر مستند خبروں' غلط معلومات کی حوصلہ شکنی کیلئے عالمی شراکت داری پر زور

ریاض (انٹرنیوز) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے غیر مستند خبروں اور غلط معلومات کی حوصلہ شکنی کیلئے عالمی شراکت داری پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ حقائق کی تصدیق کیلئے جامع، مستند و معتبر نظام ناگزیر ہے، سعودی عرب کا وژن 2030ء عملی شکل اختیار کر چکا ہے، غزہ جیسے عالمی مسائل پر حقیقی معلومات کی فراہمی ضروری ہے، وقت آگیا نئے معاہدے کر کے اشتراک بڑھایا جائے۔ سعودی عرب کے دارالحکومت (بقیہ نمبر 50)

ضرورت
نمائندگان
Daily Awami Lalkaar
عوامی للکار
دُنیا بھر سے میل / فی میل
LALKAAR
نمائندگان کی فوری ضرورت ہے
آپ صحافی بننا چاہتے ہیں
آپ کو لکھنے کا شوق ہے
آپ کو تلاش ہے ایک اچھے پلیٹ فارم کی
تو پھر آئیں ہماری ٹیم میں شامل ہو جائیں۔
بیورو چیف | ڈپٹی بیورو چیف | ڈسٹرکٹ رپورٹر | پولیٹیکل رپورٹر
لیڈی رپورٹر | سٹی رپورٹر | نمائندہ خصوصی | کرائم رپورٹر
نامہ نگار | سٹاف رپورٹر | مارکیٹنگ بزنس رپورٹر | جنرل رپورٹر
نیوز ایجنٹس کی ضرورت ہے
0312-7786354

پاک ترکیہ مشترکہ فوجی مشق 'اتاترک' 13 اختتام پذیر

ایس ایس جی کی 2 کمبیٹ ٹیموں' ترکیہ سپیشل فورسز کے 36 اہلکاروں کی شرکت

راولپنڈی (انٹرنیوز) پاک ترکیہ مشترکہ فوجی مشق 'اتاترک' 13 اختتام پذیر ہوگئی، مشق میں پاک فوج کے ایس ایس جی کی 2 کمبیٹ ٹیموں اور جمہوریہ ترکیہ کی سپیشل فورسز کے 36 اہلکاروں نے شرکت کی۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پاک ترکیہ اتاترک 13 کے عنوان سے پاک فوج اور جمہوریہ ترکیہ کی افواج کے درمیان انسداد دہشت (بقیہ نمبر 29)

کرم میں کانوائے پر حملے کے دہشت گرد گرفتار

اس ضمن میں گرفتار دہشت گردوں کو نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا گیا

ڈی آئی خان (آئی آئی پی) خیبر پختونخوا کی پولیس نے دعویٰ کیا ہے کہ کرم کے علاقہ بگن اوچت میں کانوائے پر حملہ اور فائرنگ کے واقعہ میں ملوث 10 دہشت گردوں کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق ضلع کرم میں بگن اوچت میں قافلے پر فائرنگ میں ملوث 10 دہشت گرد گرفتار کیے ہیں، پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے مختلف مقامات پر چھاپے مار (بقیہ نمبر 30)

اڈیالہ جیل سے فرار قیدی پھر گرفتار' 2 اے ایس پیز معطل

غفلت برتنے پر 2 اے ایس پیز سمیت 6 اہلکاروں کو معطل کر دیا گیا

راولپنڈی (انٹرنیوز) اڈیالہ جیل سے فرار ہونیوالے قیدی لقمان مسیح کو دوبارہ گرفتار کر لیا گیا جبکہ غفلت برتنے پر 2 اے ایس پیز سمیت 6 اہلکاروں کو معطل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل انتظامیہ و پولیس حکام نے بہارہ کہو کے علاقے میں کارروائی کے دوران ایک روز قبل اڈیالہ جیل میں تعمیراتی کام کرنیوالے مزدوروں و دیگر اسیران کی آڑ لیکر فرار ہونیوا (بقیہ نمبر 32)

سابق امیدوار صوبائی اسمبلی چوہدری مبشر عباس وڑائچ سبکدوش RPO کو خراج تحسین

پوری قوم دہشت گردی کے خلاف افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے

شریف برادران کے منصوبے ملک کو ترقی اور خوشحالی کی راہوں پر گامزن کریں گے، ندیم شاہ

گوجر خان (قمر شہزاد) افواج پاکستان ملکی سرحدوں کی محافظ ہے ملکی بقا و سلامتی کی ضامن ہے دفاع وطن کے لئے افواج پاکستان اور شہداء اور ملک کے عوام کی عظیم قربانیوں نے نئی تاریخ رقم کی ہے پوری قوم دہشت گردی کے خلاف افواج پاکستان کے ساتھ کھڑی ہے سی پیک اور گوادر بندرگاہ کا منصوبہ غیر ملکی ایجنڈے پر کام کرنے والے ملک دشمن دہشت (بقیہ نمبر 37)

شیر افضل کو میری وجہ سے نہیں نکالا گیا' سلمان اکرم

متعدد پارٹی رہنماوں نے ان کیخلاف شکایت کی تھی، سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (آئی آئی پی) پی ٹی آئی کے جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجا نے شیر افضل مروت کو پارٹی سے نکالے جانے کی وجوہات بتا دیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجا کا کہنا تھا کہ شیر افضل مروت کو میری وجہ سے نہیں نکالا گیا، ہمارا کوئی ذاتی یا نظریاتی اختلاف نہیں ہے، متعدد پارٹی رہنماوں نے ان کیخلاف شکایت کی تھی۔ سلمان (بقیہ نمبر 46)

ANF کارروائیاں، 6 ملزمان گرفتار' منشیات برآمد

ملزمان کیخلاف انسداد منشیات کے تحت مقدمات درج، تحقیقات شروع کر دی گئیں

راولپنڈی (انٹرنیوز) اے این ایف نے مختلف کارروائیوں میں 6 ملزمان گرفتار کر کے 8 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کر لیں۔ ترجمان کے مطابق اے این ایف نے منشیات سمگلنگ کیخلاف کریک ڈاؤن کے دوران مختلف کارروائیوں میں 8 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی 493.47 کلوگرام منشیات برآمد کر کے 6 ملزمان کو گرفتار (بقیہ نمبر 47)

سانحہ 9 مئی کے 13 مقدمات کے چالان عدالت پیش

راولپنڈی (انٹرنیوز) سانحہ 9 مئی کے 13 مقدمات کے چالان عدالت میں پیش کر دیئے گئے۔ جمعرات کو اے ٹی سی راولپنڈی میں جج امجد علی شاہ نے 9 مئی بارے (بقیہ نمبر 48)

پنجاب حکومت کی جانب سے چلائی گئی ماحول دوست الیکٹرک بس اپنی منزل کی جانب گامزن

امریکہ ساڑھے تین سو ارب ڈالر جنگ میں جھونکنے پر آمادہ

امریکا نے اس جنگ میں یورپ سے دو سو ارب ڈالر زیادہ خرچ کیے ہیں' ٹرمپ

واشنگٹن (انٹرنیوز) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے یوکرینی صدر ولودومیر زیلنسکی کو مزاحیہ اداکار قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ زیلنسکی نے امریکا کو ورغلا کر ایک نہ جیتنے والی جنگ میں ساڑھے تین سو ارب ڈالر جھونکنے پر آمادہ کر لیا، امریکا نے اس جنگ میں یورپ سے دو سو ارب ڈالر زیادہ خرچ کیے ہیں اور امریکا کا پیسہ واپس بھی نہیں آنے والا۔ سوشل (بقیہ نمبر 56)

لاہور: سیوریج کا اور صفائی کا منظم نظام نہ ہونے کے باعث بارش کے بعد سبزی منڈی میں کیچڑ کی وجہ سے شہریوں کا گزرنا محال ہو چکا۔

آن لائن ایپ والی گاڑیوں کیلئے اجازت نامہ کا بل پیش

گاڑی مالک یا ڈرائیور کو رجسٹریشن، فٹنس سرٹیفکیٹ، لائسنس پیش کرنا ہوگا

لاہور (انٹرنیوز) آن لائن ایپ سے چلنے والی گاڑیوں کیلئے اجازت نامہ لازمی قرار دینے کا بل پنجاب اسمبلی میں پیش کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق آن لائن کیب سروسز کو ریگولیٹ کرنے کیلئے تجاویز پنجاب اسمبلی میں پیش کر دی گئیں، صوبائی موٹر گاڑیاں ترمیمی ایکٹ 2024ء کے تحت گاڑیوں اور ڈرائیورز کو لائسنس دینے کا نظام متعارف (بقیہ نمبر 63)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035